Vol. II
No. 13



Friday
25th September, 1953

HYDERABAD LEGISLATIVE ASSEMBLY DEBATES

Official Report

PART II—PROCEEDINGS OTHER THAN QUESTIONS AND ANSWERS

CONTENTS

THE HYDERABAD LEGISLATIVE ASSEMBLY

Friday, 25*th September*, 1953.

The House met at Half Past Two of the Clock.

[MR. SPEAKER IN THE CHAIR]

Questions and Answers

[SEE PART I]

L. A. Bill No. XXIV of 1953, the Hyderabad Land Improvement Bill.

Mr. Speaker: Let us proceed to the next item on the Agenda: Continuation of clause by clause reading of the Hyderabad Land Improvement Bill.

جو سوال اٹھا تھا اسکے متعلق میزپارلیمنٹری پراکٹس (May's Parliamentary Practice) کے صفحہ (۵۲۹) پر یہ لکھا ہے کہ -

"Amendments may be made in every part of the Bill, whether in the clauses or the schedules. Clauses may be left out and new clauses and schedules added."

گویا اسکی اجازت ہے - اور بھی بہت سی چیزیں اسمیں ہیں - اسی کتاب کے صفحہ (۵۳۸) میں یہ ہے کہ -

"New clauses are normally considered after the clauses of the Bill have been disposed of, and the insertion of any that are passed in their proper place in the Bill is not fixed by the Committee but is left out to be settled between the Member in charge of the Bill and the Public Bill Office."

مگر وهاں آفس ہے اور وهاں کا ایک طریقہ ہے - اسکے علاوہ پیج (Page) نمبر (۵۴۶) میں یہ ہے کہ -

"New clauses, notice of which had not been circulated but which were allowed by the Speaker to appear on the notice paper, when reprinted for the information of the members" -

نیو کلازس کیلئے بھی گنجائش ہے - اب جو نیا کلاز ہے وہ لیا جائیگا -

شری کے - وینکٹ رام راؤ (چنا کونڈور) - اس سلسلہ میں رول نمبر ۱۳۷ بھی ہے وہ یہ ہے -

An amendment shall not be inconsistent with the previous decision of the Assembly on the same question.

مسٹر اسپیکر - امنڈ منٹ کے طور پر نہیں ہے۔یہ تو نیا کلاز ہے - نئے کلاز کے طور پر میں لے رہا ہوں - رول نمبر (۱۳۷) کلاز (۴) یہ ہے کہ

"The Speaker shall have power to select the new clauses or amendments to be proposed."

یعنی گویا نیا کلاز آسکتا ہے -

श्री. रतनलाल कोटेचा : (पाटोदा) माननीय अध्यक्ष महोदय, मैंने जो कुछ सुझाव दिया है वह अिस बिल मे काफी महत्व का स्थान रखता है और साथ ही साथ अिस बिल की कमीकी पूर्तता करता है। अिस बिल के क्लाज ५से १९तक आप पढते चले जायेंगे तो आपको मालूम होगा कि स्कीम बनाने से अेक्जीक्यूट करने तक बहुत बडा और लंबा चौडा प्रोसीजर रखा गया है और अिस में काफी समय चलाजाता है अैसा प्रोसीजर रखना काश्तकारों की दृष्टी से ठीक मालूम होता है लेकिन कभीकभी अैसे प्रसंग आ जाते हैं कि जब प्रोसीजर हो और हुकूमत कोअी स्कीम बनाती है तो अुसको अिस से नुकसान हो जाता है। वह स्कीम जल्द अमल में नहीं आती। अुदाहरणके तौर पर मैं आपके सामने रखना चाहता हूं कि अगर फैमिन कंडीशन्स आ जायें या स्केअर्सिटीका अंदाजा हो और उस वक्त अगर गवर्नमेंट की कोअी स्कीम बनी हो और अगर अिसी रफतार से गवर्नमेंट चले तो मैं समझता हूं कि फैमिन या स्केअरसिटी खतम होने के बादही वह स्कीम अमलमें आयेगी। अैसे वक्त में गवर्नमेंट को बहुत तेज रफतार से जानापडता है। अिस लिहाज से मैं ने अिस नये क्लाज को रखा है। बंबअी के अेक्ट में भी अैसा रूल है. मैं अिस नये क्लाज के बारे में ज्यादा कुछ नकहतेहुअे हाअूस से अपील करता हूं और चीफ मिनिस्टर साहब से विनंति करूंगा कि वे मेरे अिस नये क्लाज को स्वीकार करें.

مسٹر اسپیکر - اسکے بعد وضاحت بھی کیگئی ہے - میں (May) کی کتاب کا پیج نمبر ۵۴۷ پڑھ رہا ہوں -

" On being called by the Speaker, the Mover of the new clause brings it up and may speak in support thereof;"

جیسا کہ ابھی انہوں نے سپورٹ میں تقریر کی ہے -

"After it has been seconded, the clause is read the first time without question put,"

کوئسچن پوچھنے کی ضرورت نہیں ہے ۔

" The question is then proposed from the chair that the clause be read a second time."

پھر اسکے بعد ۔

" This is the proper time for the opposing of clause, and the proposer may again address the House in its favour."

گویا اسکے خلاف اگر کسی کو کچھ کہنا ہے تو کہہ سکتے ہیں ۔ اسکو پروپوز (Propose) کرنا پڑیگا ۔

*شری سری پت راؤ نواسیکر (اورنگ آباد) ۔ مسٹر اسپیکر سر ۔ شری رتن لعل کوٹیچہ نے نیا کلاز قائم کرنے کیلئے جو پرپوزل (Amendment proposal) پیش کیا ہے میں اس کی تائید کرتا ہوں ۔ یہ نیا کلاز بل میں آنا نہایت ضروری ہے ۔ جب کبھی فیمین (Famine) آتا ہے یا اسکیرسٹی (Scarcity) کے حالات رونما ہوتے ہیں یا بارش نہ ہونے کی وجہ سے پیداوار نہیں ہوتی ہے تو ایسے مقامات کیلئے گورنمنٹ کو عارضی طور پر کوئی اسکیم عمل میں لانا پڑتا ہے ۔ ایسے کام فیمین بورڈ کے تحت عمل میں لانے پڑتے ہیں اسکے لئے خاص ضابطہ ہے جسکے تحت دیر ہوجاتی ہے ۔ لینڈ امپروسنٹ کے سلسلہ میں جو نیا بل بنایا جارہا ہے اس بل میں کوئی ایسی تدبیر کرنا چاہیئے کہ فیمین ہو یا اسکیرسٹی کی حالت ہو ایسے ایریاز میں ۔ ہم ایسے اسکیم عمل میں لاسکیں ۔ جو تحریک پیش ہوئی ہے وہ نہایت واجبی ہے میں ہاؤز سے استدعا کرونگا کہ اسکو منظور کیا جائے ۔

Mr. Speaker: The question is :

" That clause 20A stand part of the Bill."

The motion was adopted.

Clause 20A was added to the Bill.

Mr. Speaker: The question is:

"That Short title, extent, commencement and Preamble stand part of the Bill.

The motion was adopted.

Short title, extent, commencement and Preamble were added to the Bill.

Shri B. Ramakrishna Rao: Sir , I beg to move :

" That L.A. Bill No. XXIV of 1953, a Bill to ensure proper utilisation of land and to provide for the making and

execution of schemes relating to the construction of tanks, embankments and other works, the prohibition and control of grazing for the purposes of preservation of soil, prevention of soil erosion, improvement of water supply and other matters in order thereby to protect and improve lands and crops in the State of Hyderabad, be read a third time and passed."

شری کے - وینکٹ رام راؤ - (۲۰) اے میں کلاز ۴ سب کلاز (۱) لکھا گیا ھے -

مسٹر اسپیکر - آفس سے اس میں وربل امنڈمنٹ کیا جائیگا ایسی چیزوں میں اسپیکر کو کانسی کوئینشل اختیارات دے گئے ھیں -

The question is:

"That L. A. Bill No. XXIV of 1953, a Bill to ensure proper utilisation of land and to provide for the making and execution of schemes relating to the construction of tanks, embankments and other works, the prohibition and control of grazing for the purposes of 'preservation of soil, prevention of erosion, improvement of water supply and other matters in order thereby to protect and improve lands and crops in the State of Hyderabad, be read a third time and passed."

The motion was adopted.

Business of the House

مسٹر اسپیکر - اب ایجنڈے کے لحاظ سے حیدرآباد آبکاری امنڈمنٹ بل لیا جاناچاھئے - لیکن اسکے ساتھ ساتھ یہ طے کیا گیا ھے کہ ۲۰ تاریخ کو ٹیننسی بل لیا جائیگا -

Shri Annaji Rao Gavane: Mr. Speaker, Sir, Yesterday, the leader of the U.P.P. requested you, that the second reading of The Hyderabad Tenancy and Agricultural Lands (Amendment) Bill, as reported by the Select Committee, might be taken up to-day itself. I would reiterate that request. Sir, I am sure that Hyderabad Abkari (Amendment) Bill will be finished today.

مسٹر اسپیکر - بات یہ ھے کہ میرے نزدیک ٹیننسی بل ایک اهم بل ھے - میں یہ چاھتا تھا کہ سرسری طور پر اسپر تھوڑا سا ڈسکشن آج کیا جائے اور جنرل ڈسکشن ۲۸ تاریخ سے شروع کیا جائے -

شری اناجی راؤ گوانے - آج نہ لیا جائے تو پرسوں ٹھیک طور پر پیش ھوسکتا ھے کیونکہ وھی ایک بل ھمارے سامنے اھم ھے - اور اسکے لئے کافی وقت کی ضرورت ھے -

مسٹر اسپیکر - اسی لئے تو میں یہ چاھتا ھوں کہ آج بھی اسپر کچھ ڈسکشن ھو جائے تا کہ وقت کافی ملے - آبکاری بل کو کسی صورت میں لینگے - لیکن ٹیننسی بل کو ۲۸ تاریخ کو لینا ضروری ھے - ٹیننسی بل بہت اھم ھے اسکو کسی صورت میں ادھورا نہیں چھوڑا جاسکتا - اگر ھاؤس کے ممبرس کی رائے یہ ھے کہ آج نہ لیا جائے تو میں ٹائیم زیادہ نہیں بڑھاؤنگا -

شری اناجی راؤ گوانے - ٹائم بڑھانے کی کوئی ضرورت نہیں -

شری بی - رام کشن راؤ - مجھے بھی کوئی عذر نہیں -

Mr. Speaker : Then we will take up the Abkari Amendment Bill.

L. A. Bill No. XIX of 1953, the Hyderabad Abkari (Amendment) Bill, 1953.

Minister for Excise, Customs, Forests and Revenue (Shri K. V. Ranga Reddy) : I beg to move :

" That L. A. Bill No. XIX of 1953, a bill to amend the Hyderabad Abkari Act, be read a second time."

Mr. Speaker : The question is :

" That L. A. Bill No. XIX of 1953, a bill to amend the Hyderabad Abkari Act, be read a second time."

The motion was adopted.

Clause 2

Shri Abdur Rahman (Malakpet) *:* I beg to move :

" That in line 6 of clause 2 of the Bill, the word "fine" be omitted."

Mr. Speaker : Amendment moved :

" That in line 6 of clause 2 of the Bill, the word "fine" be omitted."

شری عبد الرحمن - مسٹر اسپیکر سر - اس ترمیم کے ذریعہ قانون آبکاری کی دفعہ (۲) میں محصول آبکاری کی تعریف کے سلسلہ میں جرمانہ بھی شریک کیا گیا ھے - میں نے اس قانون کے ھر دفعہ کو پڑھا ھے اس میں کہیں بھی کسی عہدہ دار آبکاری کو جرمانہ کا اختیار نہیں دیا گیا پھر جرمانہ کے الفاظ زینت قانون کیوں بنے ھوئے ھیں - فرسٹ ریڈنگ کے موقع پر آنریبل منسٹر صاحب نے کہا تھا آبکاری کے عہدہ داروں کو ایک پیسہ بھی جرمانہ

کرنے کا اختیار نہیں ہے - جب عہدہ داران آبکاری کو قانون کے تحت جرمانہ کا اختیار نہیں دیا گیا ہے تو پھر اسکی تعریف میں لفظ " جرمانہ " کا اضافہ کرنا یا رکھنا غیر ضروری ہے - جسقدر جرمانوں اور سزاؤں کا تعلق ہے اس کا اختیار عدالتوں کو ہے - اور عدالتوں سے جو جرمانہ ہوگا وہ محصول آبکاری کے طور پرسررشتہ آبکاری حاصل نہیں کریگا - وہ آمدنی عدالت کی ہوگی اور اس آمدنی کو عدالت جمع کریگی - اس سے سررشتہ آبکاری کا کوئی تعلق نہیں ہوگا - اس لحاظ سے اس قانون کی دفعہ (۲) میں جو " جرمانہ " کا لفظ ہے اسکو خارج کرنا چاہئے - یہ کوئی ایسی بات نہیں ہے کہ اس پر کافی غور و خوص کیا جائے - یہ کسی دفعہ میں نہیں ہے ، نہ سابقہ قانون میں ہے اور نہ حالیہ ترمیمی قانون میں جرمانہ کا اختیار عہدہ داران آبکاری کو دیا گیا ہے - اس لئے اس لفظ کو خارج کردینا چاہئے - بلاوجہ تعریف میں یہ الفاظ داخل کئے گئے ہیں -

[MR. DEPUTY SPEAKER IN THE CHAIR]

مسٹر ڈپٹی اسپیکر - کیا آنریبل منسٹر آبکاری کچھ فرمائینگے؟

شری کے - وی - رنگا ریڈی - ضمن (۱) میں محصول آبکاری سے مراد وہ محصول ، جو قانون شراب کے تحت یا کسی اور نافذالوقت احکام کے تحت محکمہ کے عائد کردہ کسی رسوم ، نزول ، ٹیکس ، فیس ، جرمانہ یا تاوان یا ضبطی سے واجب الوصول ہو تو اس میں جو جرمانہ کا لفظ رکھا گیا ہے وہ محصول آبکاری کی تعریف بتانے کے لئے رکھا گیا ہے - یہاں اس لفظ کے رکھنے سے عہدہ داران کو جرمانہ کا اختیار دینا جیسا کہ میرے فاضل دوست سمجھ رہے ہیں وہ غلط ہے - جرمانہ کے طور پر جو رقم ہوگی اوس سے مراد محصول آبکاری ہے - یہی چیز واضح کرنے کے لئے لفظ " جرمانہ " رکھا گیا ہے - اسلئے لفظ " جرمانہ " حذف کرنے کی ضرورت نہیں -

شری عبدالرحمن - کیا آنریبل منسٹر وضاحت فرمائینگے کہ وہ کونسی آمدنی ہے جو جرمانہ کے طور پر وصول کیجاسکتی ہے اور جسکا عہدہ داران آبکاری کو اختیار دیا گیا ہے ؟

شری کے - وی - رنگا ریڈی - میں نے اس سے پہلے آپ سے کہا کہ اس سے یہ مراد نہیں ہے کہ عہدہ داران آبکاری جو جرمانہ صادر کرتے ہیں وہ وصول کیا جائے - بلکہ جرمانہ کی جو رقم ہوگی وہ کس مد میں جمع کرینگے ، یا کس نام سے اوسکو موسوم کرینگے یہ واضح کرنے کے لئے یہ لفظ رکھا گیا ہے - عہدہ داران آبکاری جرمانہ عائد کرتے ہیں - اس وجہ سے لفظ جرمانہ موجود ہے اور عدالت عائد کرے تو وہ محصول آبکاری ہے - اس سے یہ مراد نہیں ہے - جو جرمانہ وصول ہوگا اوس رقم کو کس نام سے موسوم کیا جائے اوسکی وضاحت کے لئے یہ لفظ ہے - اختیارات سے یا تعریف سے اس کو کوئی تعلق نہیں ہے - جتنے اختیارات کا ذکر کیا گیا ہے وہاں جرمانہ سے یہ مراد ہوتی ہے کہ تعلقدار یا ناظم آبکاری یا مہتمم آبکاری کوئی ہو جرمانہ عائد کرسکتا ہے -

شری عبدالرحمن - چونکہ جرمانہ عدالت وصول کرتی ھے اور تعزیرات میں جرمانہ کے تعلق سے جواختیار عدالت کو دیا گیا ھے وہ عدالت کی آمدنی کے طور پر جمع ھوتا ھے وہ ایک مستقل مد ھے۔ اسمیں سررشتہ آبکاری یا کروڑ گیری یا سررشتہ مال کا کوئی علحدہ مد نہیں ھوا کرتا - آبکاری کے مقدمات کے سلسلہ میں بھی ......

مسٹر ڈپٹی اسپیکر - میں سمجھتا ھوں کہ یہ سوال و جواب کا موقع نہیں ھے۔ کیا آپ کی امنڈمنٹ ووٹ کے لئے رکھی جائے ؟ -

شری عبدالرحمن - آنریبل منسٹر اگر اسکی وضاحت کردیں تو میں اسکو واپس لے سکتا ھوں -

مسٹر ڈپٹی اسپیکر۔ مگر یہ ڈسکشن نیورنڈنگ (Never-ending) ھوتا جارھا ھے - صرف ایک مرتبہ تفصیل پوچھ سکتے ھیں - اگر تین تین چار چار مرتبہ پوچھا جائیگا تو یہ کلیرلفکیشن کا سلسلہ ختم نہ ھوگا -

شری عبدالرحمن - میں سمجھتا ھوں کہ اگر اصلاح نہ ھوتو ممکن ھے کہ واضعان قانون پیچیدگیوں میں مبتلا ھوجائینگے - اگر اس طرح بتایا جائیگا کہ یہ سررشتہ آبکاری کا جرمانہ یا سررشتہ آبکاری کا محصول ھے وغیرہ،وغیرہ تو پوری تعزیرات کو بدلنا پڑیگا - عدالت کو جرمانہ کی جو آمدنی ھوتی ھے اسکے لئے صرف تعریف بتلانا پڑتا ھے - ھر ایک سررشتہ کا الگ الگ جرمانہ اوس سررشتہ کو واپس نہیں بھیجا جاتا - یہ قانونی پیچیدگی ھے۔ اس لئے منسٹرصاحب سے اسکی وضاحت کی درخواست کرتا ھوں۔ عدالت کا ایک مستقل مد ھے جس میں جرمانہ کی آمدنی جمع ھوتی ھے - اسمیں یہ صراحت نہیں ھوتی کہ یہ کس سررشتہ کا ھے - جو مقدمات عدالت میں پیش ھوتے ھیں اور اون میں جرمانہ کے طور پر جو سزا دیجاتی ھے اوسمیں اس کا تعین نہیں کیا جاتا کہ فلاں سررشتہ کی ھے - وھاں ضابطہ معین ھے - ایسی صورت میں اس قانون کے تحت جرمانہ کو محصول آمدنی قرار دینے سے عدالتوں کے لئے پیچیدگیاں ھونگی - ضابطہ تبدیل کرنا پڑیگا - جب عہدہ داران آبکاری کو جرمانہ کا اختیار نہیں ھے تو پھر اس قانون میں " جرمانہ " کا لفظ رکھنے پر اصرار کرنے کی وجہ سے پیچیدگیاں پیدا ھوجائینگی - یہ لفظ اس دفعہ میں سے حذف کیا جاسکتا ھے - اس لئے میں یہ چیز منسٹر صاحب کے ملاحظہ اور غور کیلئے پیش کرتا ھوں -

شری کے - وی - رنگا ریڈی- میں نے اس سے پہلے دومرتبہ کہدیا ھے اور اب پھر کہتا ھوں کہ لفظ " جرمانہ " کسی کے اختیارات سے متعلق نہیں ھے - بلکہ خلاف ورزی کرنے والوں سے جو جرمانہ وصول ھوتا ھے یا کمپونڈنگ کے ذریعہ یا کسی اور وجہ سے جرمانہ کے طور پر جو آمدنی وصول ھوگی اوسکا نام بتانے کے لئے اوسکی صراحت کی خاطر یہ بتایا گیا ھے - اس لفظ کے ذریعہ نہ تو عدالت کو اور نہ کسی عہدہ دار آبکاری کو جرمانہ کا اختیار دیا جارھا ھے - اس تعریف سے اوسکا کوئی تعلق نہیں - جہاں کہیں رقم بابتہ

خلاف ورزی قانون آبکاری وصول ہوتی ہے وہ جرمانہ کہلاتا ہے - لیکن وہ محصول آبکاری
کی تعریف میں داخل ہے - اس سے نہ کوئی قانونی پیچیدگی پیدا ہوتی ہے اور نہ کسی کو
جرمانہ کا اختیار دیا جاتا ہے -

Mr. Deputy Speaker: The question is:

"That in line 6 of clause 2 of the Bill, the word "fine" be omitted."

The motion was negatived.

Mr. Deputy Speaker: The question is:

"That clause 2 stand part of the Bill."

The motion was adopted.

Clause 2 was added to the Bill.

Mr. Deputy Speaker: The question is:

"That clauses 3 and 4 stand part of the Bill."

The motion was adopted.

Clauses 3 and 4 were added to the Bill.

Clause 5

Shri K. Ananth Ram Rao (Deverkonda): I beg to move:

"That in line 3 of section 4-B proposed to be inserted by clause 5 of the Bill, the word "liquor" be omitted."

Mr. Deputy Speaker: Amendment moved:

"That in line 3 of section 4-B proposed to be inserted by claus 5 of the Bill, the word, "liquor" be omitted."

Shri K. Venkatram Rao: I beg to move:

"That section 4-B proposed to be inserted by clause 5 of the Bill be omitted."

Mr. Deputy Speaker: Amendment moved:

"That section 4-B proposed to be inserted by clause 5 of the Bill be omitted".

شری کے ۔ وینکٹ رام راؤ ۔ مسٹر اسپیکر سر ۔ دفعہ (۴) کے تحت گورنمنٹ نے اپنے لئے یہ اختیار محفوظ رکھا ہے کہ اس اعلان کے ذریعہ لکر (Liquor) اور گل مہوہ کو اس قانون کے اثر سے محفوظ کیا جائے ۔ اس قانون کے اثر سے کسی معینہ رقبہ میں ان دو چیزوں کو مستثنی کرنے کا اختیار گورنمنٹ نے محفوظ رکھا ہے ۔ گل مہوہ کی حد تک تو اعتراض نہیں ہوتا ۔ کیونکہ بعض مقامات پر ایسا ہوتا ہے کہ گلمہوہ جانوروں کو کھلانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے ۔ بعض مقامات پر دوسرے اغراض کیلئے استعمال کیا جاتا ہے ۔ لیکن لکر کو مستثنی کرنے کا جو اختیار محفوظ کیا گیا ہے وہ مناسب نہیں ہے ۔ کیونکہ وہ ایسے اغراض کیلئے استعمال نہیں ہوتا ۔ لکر کے الفاظ گل مہوہ کے ساتھ جو رکھے گئے ہیں اس کو حذف کرنے کے لئے یہ ترمیم ہے میں آنریبل منسٹر صاحب سے خاص طور پر امید کرتا ہوں کہ وہ میری ترمیم کو منظور فرمائینگے ۔ اس سے قبل دفعہ ۴ قانون آبکاری کے تحت حکومت کو یہ اختیار تھا کہ وہ تعہد پر دے ۔ اسمیں حکومت نے یہ اختیار بھی اپنے پاس رکھا ہے کہ قانون آبکاری کے دفعات اور پراویژو سے استثنا دے ۔ اب ہمیں دیکھنا یہ ہے کہ قانون آبکاری کے تحت سررشتہ آبکاری سے ایک معتدبہ رقم وصول ہوتی ہے اگر اسکو استثناء دینے کا اختیار عہدہ داران آبکاری کو دیا جائے تو آیا اس سے ہمارا مالیہ متاثر ہونے کا امکان ہے یا نہیں ۔ جب حکومت استثناء دینے کی ضرورت محسوس کرتی ہے تو وہ اسمبلی کے سامنے لاکر ایسا کرسکتی ہے ۔ بجائے اسکے پورے قانون آبکاری کو معطل کرنے کیلئے جو اختیار حکومت اپنے ہاتھ میں لے رہی ہے وہ نامناسب ہے ۔ گل مہوہ کو رکھکر " لکر " یا شراب کی حد تک امنڈمنٹ کیا جاسکتا ہے ۔ لیکن میرا امنڈمنٹ یہ ہے کہ دفعہ ۴ بی کی ضرورت ہی نہیں ہے ۔ یہ بحث کیجاسکتی ہے کہ چنچو وغیرہ مقامات پر جنگل میں رہنے والے عوام ہوتے ہیں انکے لئے اسکی ضرورت ہوسکتی ہے ۔ میں آنریبل منسٹر کے ملاحظہ میں دفعہ ۱۰ کے تحت جو پراویژو ہے وہ لانا چاہتا ہوں ۔

"Provided that the Government may, by notification in the Jarida, direct that in any local area it shall not be necessary to take out licence for the manufacture of liquor for *bona fide* home consumption."

ایسے ٹرائبس کو سہولتیں دینے کا سوال ہے تو دفعہ ۱۰ کے تحت جو پراویژو ہے وہ کافی ہے ۔ دفعہ ۴ بی کی ضرورت نہیں ۔ یہ دونوں ایک دوسرے سے ٹکراتے ہیں ۔ اس وجہ سے میں سمجھتا ہوں کہ یہ دفعات قانون آبکاری مدراس سے جیسے کے ویسے کوٹ (Quote) کئے گئے ہیں ۔ اسکے علاوہ بعض دفعات کے بیجا استعمال کا بھی اندیشہ ہے جیسی کہ کانگریسی حکومت کی روایات ہیں وہ پراھیبیشن وغیرہ کی جھنجھٹوں میں ملک کو پھنسا کر مالیہ کو متاثر کرینگے جس میں ملک کا نقصان ہے ۔ یہ خطرہ ہے اسلئے یہ اختیارات حکومت کے ہاتھ میں نہ دئے جائیں اور اس کو حذف کیا جائے ۔

شری کے - وی - ر نگاریڈی- مسٹر اسپیکر سر - دفعه ۱۰ اور دفعه ۴ ایک دوسرے کے خلاف هونا تصور کیا گیا هے - دفعه ۱۰ جیسا که میرے معزز دوست خود کہه رهے هیں وحشی عوام کے بارے میں وضع کیا گیا هے - اور دفعه ۴ سرکاری اغراض کے بارے میں وضع کیا گیا هے- اس مقام سے جهاں اس شخص نے بهٹی لگائی هو یا کسی اور مقام سے جهاں بهٹی لگانے کی اجازت اسنے کسی اور شخص کو دی هو شراب منتقل کرنے کے بارے میں یه دفعه وضع کیا گیا هے - اسلئے اگر دفعه ۴ نهوتو شراب کے کاروبار چلانا هی مشکل هوجائیگا - اسلئے یه دفعات متضاد نہیں هیں بلکه دونوں کا بهی وجود ضروری هے-

Mr. Deputy Speaker : The question is :

"That in line 3 of section 4-B proposed to be inserted by clause 5 of the Bill, the word 'liquor' be omitted."

The motion was negatived.

Mr. Deputy Speaker : The question is :

"That section 4-B proposed to be inserted by clause 5 of the Bill be omitted".

The motion was negatived.

Mr. Deputy Speaker : The question is :

"That clause 5 stand part of the Bill."

The motion was adopted.

Clause 5 was added to the Bill.

Clause 6.

Shri K. Venkatrama Rao : I beg to move :

"That at the end of clause 6 of the Bill, the following proviso be added, namely,

'Provided that the licence for transport shall not be issued from the tapping place to any other place other than the licensed shop allotted in the auction.' "

Mr. Deputy Speaker:- Amendment moved.

"That at the end of clause 6 of the Bill, the following proviso be added, namely,

'Provided that the licence for transport shall not be issued from the tapping place to any other place other than the licensed shop allotted in the auction."

شری کے۔ وینکٹ رام راؤ۔ مسٹر اسپیکر سر۔ دفعہ ۶ کے سلسلہ میں جنرل ڈسکشن کے وقت جو اعتراض کیا گیا تھا وہ میں آنریبل منسٹر کو مکرر یاد دلانا چاھتا ھوں ۔ دفعہ ۶ کی جیسی تعبیر کیگئی اس سلسلہ میں یہ کہا گیا تھا کہ مقام تراش سے دوکان تک لیجانے کا حکم ھے ۔ اسلئے دفعہ ۶ کے ذریعہ مناپلسٹ یا بڑے مستاجرین کو سہولت دینا نہیں ھے ۔ اس قسم کے الفاظ آنریبل منسٹر کی جانب سے کہے گئے تھے ۔ یہاں میری جو ترمیم ھے وہ میں آنریبل منسٹر کے ملاحظہ میں لاتا ھوں ۔ اس سے قبل تعہد دار کو تراشنے کے سلسلہ میں ایسے لائسنس دئے جاتے تھے ۔ اب ٹرانسپورٹ لائسنس (Transport Licence) دی جارھی ھے ۔ قانون ھذا میں ٹرانسپورٹ (Transport) کی تعریف حسب ذیل ھے ۔

" Transport means to move from one place to another within the Hyderabad State."

اب ایک مقام سے دوسرے مقام تک ٹرانسپورٹ کے لائسنس دئے جارھے ھیں ۔ اس سے قبل ٹیاپنگ کے لائسنس دئے جاتے تھے ۔ ھمارے پاس جسطرح مالک موٹر کو پٹرول کے کوپن دوکان پر دیتے ھیں ویسے ھی بعض مستاجرین کو اجازت دیجارھی ھے۔ اسکا نتیجہ یہ ھے کہ ایک شخص ایک جگہ معاملہ لیتا ھے توکسی اور جگہ کے معاملہ دار یا وھاں کے کلالوں پر اپنی مناپلی قائم کرنے کیلئے اثر ڈال سکتا ھے ۔ ایک متعلقہ دوکان کیلئے وہ مقررہ تاڑبن سے لانے کی بجائے دور کا مقام کہمم سے لاسکتا ھے ۔ اسطرح وہ ایک قسم کی انار کی پھیلا سکتا ھے ۔ اسکے علاوہ بڑے بڑے مناپلسٹس بھی وجود میں آنے کا اندیشہ ھے ۔ اسلئے اس دفعہ میں یہ شرط لگائی جارھی ھے کہ ٹرانسپورٹ لائسنس اس شخص کو دیا جائیگا جسکا نام جریدہ میں شائع ھوا ھو ۔ ترمیم کے ذریعہ اب یہ کیا جارھا ھے کہ

"From the tapping place to any place other than the licenced shop allotted in the auction."

یعنی ھراج میں جو دوکان الاٹ کیجاتی ھے اس دوکان تک ھی ٹرانسپورٹ کے لائسنس ایشو کئے جائیں ۔ وھاں اسکے معنے کچھ اور نکلتے ھیں ۔ یہ شخص سارے حیدر آباد میں جہاں چاھے وھاں اپنے لائسنس کا منشے استعمال کرسکیگا۔ یہ کلاریفیکیٹری نیچر کا امنڈ منٹ ھے ۔ اسلئے میں آشا کرتا ھوں کہ آنریبل منسٹر صاحب اسکا بہت غور اور سوجھ بوجھ کر جواب دینگے ۔

شری کے ۔ وی۔ رنگاریڈی ۔ میں نے عام بحث کے سلسلہ میں جو کچھ کہا ھے وھی مطلب اس دفعہ کا ھے ۔ آنریبل ممبر اس شرط کو کم کرنے کی خواھش کرتے ھیں

اور چاھتے ھیں کہ جہاں درخت تراشے جاتے ھیں اس مقام سے لیکر مقام فروخت تک کے الفاظ رکھے جائیں ۔ اس دفعہ کا یہ مقصد نہیں ھے بلکہ درخت تراشنے کے مقام سے لیکر دوسرے مقام تک بھی لے جاسکتے ھیں ۔ اگر اس شخص کی دو دوکانیں ھوں تو وہ ایک دوکان سے دوسری دوکان کو بھی لے جاسکتا ھے ۔ یہ چیز عہدہ داران آبکاری کے صوابدید پر ھے اور وہ اھل معاملہ کے لحاظ سے اور مقامات کے لحاظ سے طے کر کے جریدہ میں شائع کرینگے ۔ ورنہ اس امنڈمنٹ کے ذریعہ اسطرح مقید کیا جائے کہ ایک مقام سے دوسرے مقام کو نہیں لے جاسکتے تو اس سے مزاحمت ھوگی ۔ اگر اسکی دو چار دوکانیں ھیں اور اسمیں سے ایک ایسی جگہ ھے جہاں ھفتہ وار بازار لگتا ھے تو وھاں اسکی سیندھی منتقل کرنے کی ضرورت پیش آسکتی ھے کیونکہ ھفتہ وار بازار کی جگہ پر ھی سیندھی زیادہ بکتی ھے ۔ اسلئے لائسنس راہ داری کی اجازت دیجانی چاھئے ۔ عہدہ داران آبکاری کو یہ اختیار ھونا چاھئے کہ کس مقام سے کس مقام پر سیندھی کو منتقل کیا جائے ۔ یہ غور کرنے کے بعد ھی کہ سرکاری مالیہ متاثر نہو یہ دفعہ مدون کیا گیا ھے ۔ اس سے کسی قسم کا اندیشہ کرنیکی ضرورت نہیں ھے ۔ بلکہ اس میں اس بات کی کوشش کیگئی ھے کہ سرکاری رقم کے تحفظ کیلئے پورے انتظامات کئے جائیں ۔ اسلئے جو الفاظ رکھے گئے ھیں وھی مناسب ھیں ۔

Mr. Deputy Speaker : The question is :

"That at the end of clause 6 of the Bill, the following proviso be added, namely:

'Provided that the licence for transport shall not be issued from the tapping place to any other place other than the licensed shop allotted in the auction'."

The motion was negatived.

Mr. Deputy Speaker : The question is :

"That clause 6 stand part of the Bill."

The motion was adopted.

Clause 6 was added to the Bill.

Clause 7

Shri K. Anantha Rama Rao : I beg to move :

"That in lines 8, 9, 10 and 12 of sub-section (1) of section 7 proposed to be substituted by clause 7 of the Bill, the following words be omitted, namely:

'or every such person who may have occupied the business

relating to such leaset ot he extent of the amount due from him to the lessee in respectof the period of occupation of such person'."

Mr. Deputy Speaker : Amendment moved :

"That in lines 8, 9, 10 and 11 of sub-section (1) of section 7 proposed to be substituted by clause 7 of the Bill, the following words be omitted, namely:

'or every such person who may have occupied the business relating to such lease to the extent of the amount due from him to the lessee in respectof the period of occupation of such person'."

Shri Ch. Venkatrama Rao: Sir, I beg to move :

"That in line 9 of sub-section (1) of section 7 proposed to be substituted by clause 7 of the Bill, between the words 'business' and 'relating', the following words be inserted, namely—

'or his customers,."

Mr. Deputy Speaker: Amendment moved.

"That in line 9 of sub-section (1) of section 7 proposed to be substituted by clause 7 of the Bill, between the words 'business' and 'relating', the following words be inserted, namely—

'or his customers'

Shri K. Venkatrama Rao: Sir, I beg to move:

"That in line 9 of sub-section (1) of section 7 proposed to be substituted by clause 7 of the Bill, between the words 'business' and 'relating' the following words be inserted, namely—

'subject to the provisions of section 14 of this Act'."

Mr. Deputy Speaker: Amendment moved.

"That in line 9 of sub-section (1) of section 7 proposed to be substituted by clause 7 of the Bill between the words 'business' and 'relating' the following words be inserted, namely—

'subject to the provisions of section 14 of this Act'."

Shri M. Buchiah: Sir, I beg to move:

"That at the end of section 7 proposed to be substituted by clause 7 of the Bill, the following proviso be added, namely—

"Provided that the lessee has sub-leased the business on a profit of not more than 15% of the total amount he pays the Government on that business."

Mr. Deputy Speaker: Amendment moved:

"That at the end of section 7 proposed to be substitued by clause 7 of the Bill, the following proviso be added, namely-

"Provided that the lessee has sub-leased the business on a profit of not more than 15% of the total amount he pays the Government on that business'."

* شری کے - اننت رام راؤ- مسٹر اسپیکر سر- دفعہ (۷) مدون کرنے کی غرض و غایت یہ معلوم ہوتی ہے کہ گورنمنٹ کو اسکا اختیار حاصل ہو کہ اسکو اجازت یافتہ شخص یا مستاجر سے جو رقومات حاصل شدنی ہوں وہ کسی دوسرے شخص سے اگر اسکو واجب الوصول ہوں تو حاصل کرسکے-لیکن اسکے ساتھ ساتھہم مستاجر اور اجازت یافتہ سے جو رقومات وصول طلب ہوتی ہے وہ تو اس دفعہ کے ساتھ وصول کیجاسکتی ہیں - اسکے ساتھ ان اشخاص کو بھی شریک کرلیا جارہا ہے جنکا گورنمنٹ سے کوئی معاہدہ نہیں ہے - بلکہ دوسرے لوگوں سے ہے - اگر ان الفاظ کو رکھا جائے تو ایک طرح سے ان عوام پر سختی ہوگی جو اسکی زد میں آئینگے - اور کلال اس سے متاثر ہونگے - اور اس دفعہ کو حربہ کے طور پر استعمال کیا جائیگا - اسلئے میں نے یہ ترمیم رکھی ہے میں معزز ایوان سے درخواست کرتا ہوں کہ میری اس ترمیم کو منظور کرلیا جائے -

شری بی ایچ - وینکٹ رام راؤ- میں نے دفعہ ۷ میں ایک امنڈ منٹ پیش کیا ہے- اس دفعہ کے تحت مستاجر پر رقم ادا کرنے کی جو ذمہ داری ہے اگر وہ مستاجر کسی دوسرے شخص کو کچھ معاملہ گتے پر دے تو گورنمنٹ اس ذیلی شخص سے بھی گتہ دار کو واجب الادارقم اپنی طرف سے بطورریوینیو رسیٹس (Revenue Receipts) حاصل کرسکیگی - گورنمنٹ کو یہ اقتدار حاصل ہوجاتا ہے کہ وہ کلکٹر کے ذریعہ ذیلی مستاجر سے یا اصل مستاجر سے معاملہ کرنے والے ہر شخص سے رقم وصول کرے - آنریبل منسٹر نے جنرل ڈسکشن میں بڑے زور وشور سے فرمایا تھا کہ ہم " ٹری ٹو دی ٹیاپر "(Tree to the tapper) کی اسکیم کو ذیل طور پر لے آئے تھے - وہ تو اسکو عمل میں لانا چاہتے تھے - مگر بعض نام لیواؤں نے انہیں عمل میں لانے نہیں دیا- یہ انکا کہنا تھا- میں یہاں ادباً منسٹر صاحب سے عرض کرتا ہوں کہ جب آپ قولدار سے وصول کرنے کی ذمہ داری اپنے اوپر لے رہے ہیں تو یہ کہاں تک واجبی ہے - قولدار عموماً کلال ہوتے

ھیں ۔ وہ لکھا پڑھائی کر کے بنکٹ لال بدروکا رنگاریڈی ۔ یا ڈی ڈی اٹالیہ جیسے بڑے
مستاجروں سے قول پر معاملہ لیتے ھیں ۔ اور اسطرح دوکان چلاتے ھیں جیسے دوسرے
دوکاندار چلایا کرتے ھیں ۔ ھوتا یہ ھے کہ ولیج میں عموماً آدھا بیوپار ادھار پر چلتا ھے
کلال کو گھر گھر بھیجنا پڑتا ھے ۔ سال میں دو مرتبہ کھلوں پر پیسے وصول ھوتے ھیں ۔
لیکن وہ بھی پورے نہیں ھوتے ۔ آدھا پون رقم دیکر بقایا ختم کردیا جاتا ھے ۔ آدھا پاؤ
پیسہ چھوڑ دینا پڑتا ھے ۔ اسکی یہ رقم ڈوب جاتی ھے ۔ ایسے واقعات عام طور پر ھوتے
ھیں ۔ آپ ٹری ٹوڈی ٹیابر کہتے ھیں لیکن کلال کی بہبودی کا لحاظ نہیں کرتے ۔ آپ
گتہ دار کی رقم ذیلی آدمی سے وصول کرنے کی ذمہ داری تو لیتے ھیں لیکن کلال کو جو
نقصان ھوتا ھے اسکی پابجائی کیلئے آپ کیوں مدد نہیں کرتے ۔ جب آپ مستاجر کو مدد
دے رہے ھیں تو کلال کو بھی دینا چاھئے ۔ اسلئے میں آنریبل منسٹر کی توجہ اس جانب
مبذول کراؤنگا ۔ اور یہ ادباً استدعا کرونگا کہ بل میں کسٹمرس (Customers) سے
بھی وصول کرنے کے امکانات رھنے دیجئے ۔

شری کے ۔ وینکٹ رام راؤ ۔ اسپیکر سر ۔ دفعہ ۷ کے تحت آپ ایک شخص ثالث سے
جو آپ کے پاس کسی طرح بھی ذمہ دار نہیں اس سے رقم وصول کرنے کا اختیار لے رہے
ھیں ۔ اسکو سبجکٹ ٹو سکشن ۱۴ رکھنا چاھئے ۔ اسطرح کا مطلب نکالنے کی کوشش
کیجارھی ھے کہ کوئی شخص بھی آئیگا اورسرکاری معاملہ پر قابض ھوجائیگا ۔ اسلئے ایسا
اختیار گورنمنٹ کو حاصل کرنے کی ضرورت بتلائی جاتی ھے ۔ واقعہ یہ ھے کہ مستاجر ایک
ذیلی مستاجر کو کچھ معاملہ قول پر دیتا ھے ۔ ذیلی مستاجر تراشنے والوں سے معاملہ کرکے
ان سے رقم حاصل کر کے داخل کردیتے ھیں ۔ منسٹر صاحب اپنا سابقہ بہی کھاتہ اٹھا کر
جانچ کرلیں کہ بقایا کن لوگوں کے ذمہ ھے ۔ بڑے مستاجروں کے ذمہ ھی بقایا ھوتا ھے ۔
دیشمکھوں کے ذمہ ھوتا ھے ۔ کسی چھوٹے آدمی کے ذمہ کوئی بقایا نہیں ھوتا ۔ یہاں جو
الفاظ ترمیم کے ذریعہ رکھے گئے ھیں وہ ایسے ھیں کہ اس سے جہاں کسی ذیلی شخص کو
قول پر دیا جاتا ھے وہ ھوشیار ھوجائے ۔ سرکاری اجازت لیکر ھی کسی شخص کو پارٹنر
بنائے ۔ میں دفعہ ۱۴ کے الفاظ ملاحظہ میں لاتا ھوں ۔

No lessee shall, except with the permission of the Government declare any person to be his partner ; and such partner shall not be competent to act as such until he has obtained a licence to that effect from the Collector or any other competent officer.

اگر کسی شخص کو حصہ دار بنانا ھو تو جب تک کہ کلکٹر کی منظوری نہ لیجائے
شراکت کا معاملہ قابل نفاذ نہیں ھوتا ۔ اگر ھم مستاجر اور کلال کے درمیان جومعاملہ
ھوتا ھے دیکھیں تو صاف طور پر معلوم ھوگا کہ یہ معاملہ ایک پارٹنرشپ کی نوعیت کا
ھوتا ھے ۔ مستاجر اس بات پر رضامند ھوکر معاملہ کسی دوسرے شخص کو دیتا ھے کہ

وہ کچھ منافعہ مستاجر کو دیدیگا - آپ مدراس سسٹم بتلاتے ھیں - لیکن یہاں تو پارٹنر کی کوئی تعریف نہیں ھے - اسکے تعین کی سخت ضرورت ھے - یہاں " سبجکٹ ٹو سکشن ۴۱ " اگر ایسے الفاظ نہ رکھیں تو یہ دفعہ (۴۱) پر اثر کرنے والا ھے - اسکے بغیر آپ اگر آکو پائیر آف دی ٹرانزیا کشن کو مجبور کریں تو اس کا قانوناً جو نتیجہ ھونیوالا ھے وہ ھو کر رھیگا - آکوپائیر حقیقی نقطہ نظر سے پارٹنر کی تعریف میں آئیگا - جب منظورہ پارٹنر ھوتو اس وقت ھی آپ اسکے پاس سے حاصل کرسکتے ھیں - ورنہ لوگوں کو دیوانی عدالت کا دروازہ کھٹکھٹانا پڑیگا اور اسکی بجائے آپ ایک اصول مقرر کررھے ھیں - گو یہ اصول قانوناً ایک منٹ کیلئے بھی ٹکنے والا نہیں - آپ یہ کہہ سکتے ھیں کہ اسطرح سرکار کو اپنے محاصل حاصل کرنے میں آسانی ھوگی - لیکن جو شخص فریق معاھدہ نہیں ھے اس سے آپ کسطرح وصول کرسکتے ھیں - یہ نہ صرف قانون معاھدہ کے خلاف بلکہ کسی طرح واجبی نہیں کہلاسکتا - منسٹر صاحب ایک ایسا دفعہ قانون آبکاری میں رکھنا چاھتے ھیں جو ملک کے قانون کے اصول کے مغائر ھے - ان حالات میں میں عرض کرونگا کہ میرے امنڈمنٹ کو قبول کرلیا جائے -

شری ایم - بچیا - مسٹر اسپیکر سر - اس دفعہ (۷) کا مقصد یہ ھے کہ گورنمنٹ گتہ دار کو جو رقوم وصول طلب ھوتی ھیں انکی وصولی میں مدد دیکر اسکو فائدہ پہنچائے - حقیقت یہ ھے کہ معاملہ دو طرح سے پندوباٹ کیا جاتا ھے - ایک یہ کہ ماھانہ بیٹھک پر معاملہ لینے والا رقم ادا کرتا جائے - وہ بیٹھک پر صد فیصد یا ۵۰ فیصد فائدے پر پندوباٹ کیا جاتا ھے ھر مہینہ کنٹراکٹر کو رقم تو برابر وصول ھوتی رھتی ھے - لیکن یہ چھوٹا معاملہ لینے والے ذیلی لوگ کلال یا تراشنے والے ان پڑھ اور اتنے کم ھمت ھوتے ھیں کہ وہ پیسے دینے کے بعد مستاجر سے رقم کی رسید نہیں لیتے - یا مستاجر اتنا ذی اثر آدمی ھوتا ھے کہ وہ رقم تو وصول کرلیتا ھے لیکن رسید دینے کی ضرورت محسوس نہیں کرتا - دوسری بات یہ ھے کہ یہاں کوئی گیارنٹی نہیں ھے مستاجر جو ماھانہ رقم وصول کرتا ھے وہ مہینے کے ختم پر خزانہ میں داخل کرتا ھے یا نہیں اسکا پتہ تو تراشنے والے کو نہیں رھتا - لیکن آخر میں ایک فہرست داخل کردیتا ھے کہ مجھے ان لوگوں سے اتنے پیسے وصول ھونا ھے - تو ایسی صورت میں گورنمنٹ تعلقدار کو اختیار دیتی ھے کہ وہ ریوینیو کلکشن کے اصول پر اس ذیلی شخص کی جائداد ضبط کرکے اس سے رقم وصول کرے -

ایک اور طریقہ پنڈوباٹ کرنے کا یہ ھے کہ فی درخت سیندھی و تاڑ (۳۰-۴۰-۵۰-۶۰-۷۰) درخت منتخب کرکے فی درخت رقم مقرر کردیجاتی ھے - اور اسطرح تراشنے والوں کو دیا جاتا ھے - ھر درخت کی بابتہ پیسہ پہلے وصول کرلیتے ھیں - تراشنے والا یہ نہیں جانتا کہ وہ کنٹراکٹر کو جو رقم دے رھا ھے وہ سرکاری خزانے میں داخل بھی کررھا ھے یا نہیں - انکا واسطہ تو کنٹراکٹر سے رھتا ھے گورنمنٹ سے نہیں - کنٹراکٹر کو انسسٹ کریں تو وہ جو رقم دے رھے ھیں وہ گورنمنٹ میں داخل کررھا ھے یا نہیں معلوم ھوگا لیکن

یہ طریقہ اختیار کیا جائے تو وہ نہیں مانیگا - غریب تراشنے والوں سے تو رقم لے لیتے ہیں اور گورنمنٹ کا ہزاروں روپیہ بقایا باقی رکھتے ہیں - پھر بھی انکے لئے ایک موقع رکھا جاتا ہے کہ یہ رقم مالگزاری کی رقم کی طرح وصول کیجائے - یہ چیز ناجائز ہوگی - کلال جو حیدرآباد میں ۳۱ لاکھ سے زیادہ ہیں اونکا کچھ خیال نہیں کیا جاتا اور مٹھی بھر کنٹراکٹرس کے ساتھ رعایتیں کیجاتی ہیں - کنٹراکٹرس معاملات آبکاری لیتے وقت معتبری کا صداقت نامہ داخل کرتے ہیں تو پھر گورنمنٹ کو کس بات کا دھوکہ ہے - میری سمجھ میں نہیں آتا کہ غریب تراشنے والوں پر یہ پابندی کیوں رکھی جارہی ہے - حقیقت یہ ہے کہ تراشنے والے مہینے کے آخر میں معاملات کی رقم ادا نہ کریں تو حیدرآباد میں یہ ہوتا ہے کہ انکو معاملات سے علحدہ کیا جاتا ہے اور دوسرے طریقے پر پھر پندوبانٹ کیا جاتا ہے - آنریبل منسٹر متعلقہ یہ کہینگے کہ مستاجرین بہت سی ایسی درخواستیں پیش کرتے ہیں کہ فلاں فلاں تراشنے والوں سے انکو رقم وصول طلب ہے - میں کہونگا یہ حقیقت حال نہیں ہے - جعلسازی کے تحت وہ حسابات پیش کئے ہونگے - اور اسکو ملحوظ رکھکر یہ ترمیم پیش کیگئی ہے - میں منسٹر صاحب متعلقہ سے عرض کرونگا کہ میں نے جو امنڈمنٹ پیش کی ہے اسکو وہ قبول کرلیں - مٹھی بھر کنٹراکٹرس کا اتنا خیال رکھنا ضروری نہیں ہے جتنا کہ محنت کرنے والے تراشنے والوں کا خیال رکھنا چاہئے - خاص کر ایسی حالت میں جبکہ اونکی معاشی حالت خراب ہوتی جارہی ہے ایسی صورت میں انکو سہولت ملنی چاہئے - میں جو کلاز پرپوز کیا ہوں اسمیں یہ ہے کہ بشرطیکہ کنٹراکٹر معاملہ کو ۱۰ فیصد نفع پر دیتا ہے تو تراشنے والے کو ذمہ دار قرار دیا جائے اور اگر (۷۰-۸۰) فیصد اضافے پر پندوبانٹ کررہا ہے تو ناجائز قرار دیا جائے تاکہ تراشنے والوں سے ناجائز فائدہ حاصل کرنے کا موقع کنٹراکٹرس کو نہ رہے - مجھے امید ہے کہ آنریبل منسٹر میری اس ترمیم کو قبول فرمائینگے -

شری عبدالرحمن - مسٹر اسپیکر سر - یہ دفعہ (۷) کی ترمیم نہایت اہم ہے اور یہ پورے ایوان کے لئے بہت سنجیدگی کے ساتھ غور کرنے کا مسئلہ ہے - پہلے کی جو دفعہ تھی وہ یہ تھی کہ جب تعہد دار یا اوسکے ضامن سے رقم وصول نہو تو گورنمنٹ بقدر زرضمانت ضامن پر ذمہ داری عائد کرتی تھی یا اپنا کوئی انتظام قائم کرتی یا بہ فسخ تعہد کسی دوسرے کو تعہد دیتی - یہ دفعہ آبکاری کے معاملات کیلئے بہت ہی مفید و مناسب تھی - ظاہر ہے کہ جب حکومت ایک شخص کو معاملہ دیتی ہے تو جن شرائط کے تابع معاملہ دیتی ہے تو وہ اون شرائط کا تابع ہوگا - اور کفالت کے طور پر جو رقم اسکی محفوظ رہتی ہے اور ضمانت کے طور پر جو رقم وہ داخل کرتا ہے اوس پر بار عائد ہونا چاہئے - مستاجر اگر رقم کی ادائی میں تامل کرے اور رقم کی ادائی سے قاصر رہے تو حکومت ضامن پر ذمہ داری عائد کرتی ہے - ضامن کی جائداد جو مکفول رہتی وہ اوس سے وصول کرسکتی - لیکن اس ترمیم کی جو دفعہ ہے یعنی دفعہ ۷ وہ عجیب و غریب ہے - نہ تو قانون معاہدہ سے اسکا کوئی

تعلق ہے نہ تو عقل سلیم اسکو تسلیم کرتی ہے ۔ ایسا بھی ہوسکتا ہے کہ ایک شخص جو قطعاً اجنبی ہے آپکے محکمہ کیلئے ۔ آپکے سررشتہ آبکاری کیلئے اور آپکے اور اسکے درمیان کسی قسم کا معاهدہ نہیں ہے اس کو آپ ذمہ دار گردانا چاھتے ھیں ۔ آخریہ کہاں کا اصول ہے ۔کیا قانون معاهدہ میں کوئی ایسی گنجائش ہے کہ بغیر کسی معاهدہ کے ذمہ داری عائد کردیجائے ۔ آنریبل منسٹر انچارج نے کہا تھا کہ قانون مالگزاری میں ایسی دفعہ ہے کہ اگر کوئی پٹہ دار یا شکمیدار مالگزاری ادا نہ کرےتو قابض اراضی سے وصول کیجاتی ہے ۔ میں کہونگا کہ زمین کا معاملہ الگ نوعیت کا ہے ۔ وهاں یہ صورت هوسکتی ہے کہ کوئی شخص زمین پر بالجبر قبضہ کر لے ۔ پٹہ دار یا شکمیدار کے کہنے پر وہ اراضی کا قبضہ نہیں چھوڑتا ۔ اکثر صورتوں میں ایسے بھی واقعات رونما ہوتے ھیں کہ وهاں پٹہ دار کا وجود نہیں رهتا ۔ ان حالات میں قابض اراضی پر ذمہ داری عائد کیجاسکتی ہے ۔ لیکن یہاں یہ صورت نہیں ہے ۔ قانون مالگزاری سنہ ۱۳۱۷ف کا تھا ۔ سنہ ۱۷ف کے تصورات آج باقی نہیں ھیں ۔ وہ مضحکہ خیز تصورات تھے جنکو آج جمہوری دور میں ختم کیا جانا چاھئے ۔ میں کہونگا کہ اس قانون میں اس کی کوشش کیگئی ہے کہ بلاک مارکٹنگ کو فروغ دیا جائے اور قانونی طور پر بلاک مارکٹنگ کو رائج رکھنے کی کوشش کیجارهی ہے ۔ ایک شخص معاملہ حاصل کرتا ہے اور ایسے لوگوں میں جو زیادہ بڑے معاملات حاصل نہیں کرسکتے یہ اوس معاملہ کو منقسم کردیا کرتا ہے اور اس معاملت سے کافی منافع حاصل کرتا ہے گویا اسطرح بلاک مارکٹنگ کی اجازت دیجارهی ہے ۔ یہ طریقہ ایسا ہے جس سے واقعی بلاک مارکٹنگ کی همت افزائی هوتی ہے ۔ اگر یہی مقصود ہے کہ بلاک مارکٹنگ کی همت افزائی کیجائے تو یہاں اس قانون کو پاس کردیجئے ۔ شوق سے " آئیز "، کہئے ۔ لیکن اگر بلاک مارکٹنگ کو روکنا مقصود ہے تو پھر اس ترمیم کو یکلخت نامنظور کرنا چاھئے ۔

دوسری جانب یہ کہا جاتا ہے کہ نشے کی چیزوں کو هم روکنے کی کوشش کررہے ھیں ۔ چنانچہ کہا گیا کہ پہلے جتنے دکانات تھے آج نہیں ھیں ۔ رفتہ رفتہ هم دوکانوں کی تعداد کو کم کررہے ھیں ۔ لیکن اس قانون کی روسے آپ دوکانات کو کم نہیں کررہے ھیں بلکہ ھر ایک جھاڑ کے نیچے ایک دوکان قائم هورهی ہے ۔ اگر آپ دیکھنا چاھتے ھیں تو چلئے میں بتانے کیلئے تیار ھوں ۔ اسطرح ایک موضع میں ایک دوکان کی بجائے پچاسوں دکانیں قائم هوگئی ھیں ۔ آج موجود ھیں ۔ اس قسم کے اضافہ دکانات کے اسباب اس ترمیم سے پیدا کئے جارہے ھیں ۔ البتہ یہاں ایک ایسی ترمیم لائی جاسکتی تھی کہ چھوٹے چھوٹے مستاجرین کے فائدہ کیلئے بڑے مستاجرین کو پابند کیا جائے کہ وہ جس ذیلی مستاجر کو معاملہ دیتا ہے اوتنی ھی رقم پر معاملہ دے جتنی رقم پر خود حاصل کیا ہے اور اسکی رجسٹری کرائے ۔

کہا گیا ہے کہ کلکٹر کے پاس شکمیدار اپنی شکمیداری کو درج رجسٹر کرائے تو ایسی صورت میں اسکی شکمیداری کو تسلیم کیا جائیگا بھلا کون شخص کلکٹر کے پاس جائیگا ۔

ہوتا یہ ہے کہ بڑے مستاجر پہلے ہی سالانہ رقم کا حساب کر کے چھوٹے مستاجرین سے رقم وصول کرلیتے ہیں یہ رقم سالانہ کے حساب سے اقساط میں وصول کرلیجاتی ہے ۔ جیسا کہ میں نے فرسٹ ریڈنگ کے وقت عرض کیا تھا ۔ اور مثال بھی دی تھی کہ بنکٹ لال سے ۷ لاکھ روپیہ وصول طلب ہیں لیکن بنکٹ لال نے ذیلی مستاجرین سے بجز ایک لاکھ پچاس ہزار روپیہ جملہ رقم وصول کرلیا ہے ۔ انکے خلاف کوئی کارروائی نہیں کیگئی۔ ممکن ہے آئندہ کارروائی کیجاکر وصول رقم کا انتظام کیا جائے لیکن آج تک تو ایسی کارروائی نہیں کیگئی۔ اس ترمیم سے ہوگا یہ کہ مستاجر ذیلی قابضین سے رقم وصول کرلینگے لیکن سال کے ختم پر تین چار مہینےکی رقم داخل نہیں کرینگے ۔ آپکے عہدہ دار جائینگے اوس قابض کی جائداد ضبط کر کے اسکو نیلام کر کے رقم وصول کرلینگے ۔ ایک تو یہ کہ اوس غریب نے زائد رقم دیکر معاملہ حاصل کیا اور دوسری مصیبت اوس پر یہ آئی کہ رقم ادا کرنے کے بعد پھر دوبارہ اوس سے مطالبہ کیا جائیگا ۔ ایک مرتبہ تو اوس نے اصل مستاجر کو رقم ادا کی اور پھر سرکار کو ۔ اسلئے میں عرض کرونگا کہ یہ دفعہ قانون کے بنیادی اصولوں کے لحاظ سے اور بالخصوص قانون معاہدہ کی رو سے درست نہیں ہے اور یہ دفعہ بڑے بڑے مستاجرین اور دلالوں کی وکالت کرتی ہے ۔ میں پورے ایوان سے پرزور اپیل کرونگا کہ اس ترمیمی دفعہ کو منظور نہ کریں ۔

శ్రీ కె. యల్. నరసింహారావు :

స్పీకర్, సర్,

గౌరవనీయులైన అబ్కారీ మంత్రిగారు ప్రవేశపెట్టిన బిల్లులోని క్లాజు 2కు నాలుగు సవరణలు వచ్చాయి. ఇప్పుడు, అసలు మూలచట్టానికి ఈ సవరణ బిల్లు ఎందుకు తీసుకురాబడిందో చూస్తే ముఖ్యంగా ఈ క్లాజు కొరకే ఈ బిల్లు తీసుకురాబడిందని తెలుసుకోవచ్చును. ఇంతకు ముందు, క్లాజులకు వచ్చిన సవరణలకు మంత్రిగారు ఏలా సమాధానము చెప్పారో, ఆ సమాధాన పద్ధతి చూశాము. ప్రత్యేకంగా వారి సమాధానము ఒక్క ఏమి అర్థము చేసుకోవచ్చునంటే,— ముస్తాజర్లు, ఏ కారణంగానో, ఎందుచేతనో, గౌరవనీయ మంత్రిగారి దృష్టిలో చాలా మంచి స్థానాన్ని సంపాదించారు. అందుచేతనే మంత్రిగారు వాళ్ళకు ప్రత్యేక సౌకర్యాలు కల్పిస్తూ, వాళ్ళమీద వున్న భారము, బాధ్యత అంతా తదితరులమీదికి నెట్టి వాళ్ళను ఆ బాధ్యతనుంచి కాపాడటానికి ఎలా తీవ్రంగా కృషి చేస్తున్నారో, ఈ బిల్లులో తీసుకవచ్చిన యీ క్లాజు ద్వారా గమనించ వచ్చును.

ముస్తాజరులు లాభాలను ఆర్జించుట కొరకు ప్రభుత్వపు వేలంపాటలలో మామ్లాలను కొంటారు, తరువాత వారు అధిక లాభాలకు లింగి ఇతరులకు మామ్లాలను ఇస్తారు. ప్రభుత్వము ఎక్సైజైతే చెట్లకు ధరను తీసుకుంటుందో, అదే విధంగా ముస్తాజర్లు కూడా చెట్లు కొని, లింగి వాటిని చిన్నచిన్న వ్యాపారస్థులకు ఎక్కువ ధరకు ఇచ్చి, వారినుంచి డబ్బు తీసుకుంటారు. ఆ చెట్లు ఆ చిన్న వ్యాపారస్థులకు ఉచితంగా ఏమీ ఇవ్వరు. క్రమం తప్పకుండా, ఎప్పటికప్పుడు సాధారణ వ్యాపా

రస్తుని దగ్గరనుంచి తన డబ్బును రాబట్టుకోవడమూ, వాళ్ళకు మాత్రం రసీదులు ఇవ్వకుండా ఉండటం జరుగుతుంది. "గత సంవత్సరం మాకు కలిగిన అనుభవం చూస్తే, ముస్తాజరులనుంచి డబ్బును వసూలు చేయలేక పోయాము; మాకు వారు చెల్లించవలసిన దానిని వసూలు చేయడం మాకు ప్రధానము కాబట్టి ఈ బిల్లులో ఈ క్లాజు తీసుకరాబడింది" అని మంత్రిగారు చెప్పడం జరిగింది. ముస్తాజరునుంచి బకాయీలను మీరు వసూలు చేయలేక పోతే పోవచ్చును. ముస్తాజరుయొక్క ఆర్థిక స్థితి ఎలా వున్నదనేది వేరే విషయం తను ఇవ్వవలసిన బకాయిలను చెల్లించే ఆర్థికస్థితి ముస్తాజరుకు వున్నప్పటికీ, ఈ మంత్రివర్గమునకు వారంటే ఉండే హృదయపూర్వకమైన ప్రేమవల్ల, వారి హృదయములను నొప్పించడము సాధ్యపడకపోవచ్చును. కాని, ముస్తాజరు కాని, జమానత్‌దారు గాని ప్రభుత్వానికి అన్యాయము చేసేఎడల, ప్రభుత్వానికి నష్టము కలిగించేఎడల, ఆ నష్టమును రాబట్టుకోడానికి, ముస్తాజరువద్దనుంచి, జమానత్‌దారుల నుంచి, ఆ నష్టాన్ని వసూలుచేసి, వారివద్దనుండి డబ్బు తీసుకోవలసి ఉంటుంది. కాని, ఈ ప్రభుత్వము జమానత్‌దారులకు, ముస్తాజరులకు రక్షణ ఇచ్చి, ఈ మంత్రి వర్గముయొక్క హృదయాలలోపల వారు ప్రత్యేక స్థానము సంపాదించుకొన్నందువలన, వారిని రక్షించడానికి ఏమీ చేయాలన్నదే, మంత్రివర్గమువారు ఆలోచించారు. ఆలోచించి, ఈ బిల్లును •సుకువచ్చి, దీనిలోని ౨వ క్లాజులో వారికి రక్షణ కల్పించారు.

ఈ క్లాజుకు నాలుగు సవరణలు వచ్చాయి. మొదటిసవరణ ఏమంటే, ఏదైతేముస్తాజరులపై ఉన్న బాధ్యతలను, భారాన్ని ఇతరులపై మోపబడుతున్నదో, ఆ విధంగా ఇతరులపై మోపకుండా చేయాలన్నదే. ఎవరివల్లనైతే ప్రభుత్వము నష్టపడుతుందో, వారినుంచే డబ్బువసూలు అయ్యేట్లు చూడాలి, రెండవది మల్లన్న తెచ్చిన్న ప్రతిపాదనకు తిమ్మన సవరణ తీసుకువచ్చినట్లుగా ఉంది. ఒక వ్యక్తి చేయవలసిన బాధ్యతను దేశముపైన రుద్దడానికి మల్లన్న ప్రయత్నిస్తాడు. దేశంలో చాలా మంది ఉన్నారు.; వారందరిపైనా ఈ బాధ్యత పెడితే సులభంగా అవుతుంది అని తిమ్మన్న సవరణ తీసుకరాబడింది. ముస్తాజరు ప్రభుత్వానికి యివ్వవలసిన డబ్బును చెల్లించినట్లైతె ప్రభుత్వము ఆ ముస్తా జరు దగ్గర కొద్దిపాటి చెట్లుతీసుకొని, స్థానికంగా పొట్టపోసుకొంటున్న బీద కలాలీలదగ్గరనుంచి ఆ డబ్బును వసూలుచేసి, తన మొత్తాన్ని భర్తీ చేసుకోడానికి ప్రయత్నిస్తోంది. దానిని, ఆ డబ్బును మాల్‌గుజారీగా వసూలు చేస్తుంది. మనం సాధారణంగా దేశంలోనికి పోయి చూస్తే, ముస్తా జరుల దగ్గర మామ్లాలు తీసుకొని ఎగబెట్టేంది చాలా తక్కువ. చిన్నచిన్న దుకాణాలలో త్రాగి డబ్బివ్వకుండా ఎగబెట్టేది ఎక్కువగా ఉంటుంది. ఎవరెవరు త్రాగిఎగ్గొట్టారో, వారి నుంచికూడా ప్రభుత్వము వసూలు చేస్తే బాగుంటుంది. కాని అట్లా మంత్రిగారు ప్రయత్నము చేస్తారా ?—ప్రభుత్వానికి సులభంగా ముస్తాజరులకు మేలుచేసే అవకాశం ఉన్నప్పుడు,—ఇంకొక రికి గాని, లేక ముస్తాజర్ల దగ్గర తిరిగి మామ్లాలు తీసుకొనేవారికిగాని, ఏమాత్రం మేలు చేసేందుకు ప్రభుత్వం ఎందుకు ప్రయత్నించదు ? తదితరులకు, బీద కలాలీలకు మేలుచేసే ఇష్టము మంత్రిగారికి కనుపించడము లేదు.

ఇంకో సవరణ వెంకట్రామారావుగారు తీసుకువచ్చింది.....

Mr. Deputy Speaker : The time is over. We now adjourn for recess.

The House then adjourned for recess till Five Minutes Past Five of the clock.

The House re-assembled, after recess, at Five Minutes Past Five of the clock.

[MR. DEPUTY SPEAKER IN THE CHAIR]

శ్రీ కె. యల్. నరసింహారావు :

మన హౌస్ను, రిసెస్‌కు అడ్జర్న్ (Adjourn) కాక ముందు ఈ ౫వ క్లాజులో తీసుకరాబడ్డ సవరణల గురించి మాట్లాడు చుంటిని. వెంకటరామారావుగారు తీసుక వచ్చిన సవరణ, ౧౪వ క్లాజులో పున్నరీతిగా దీనిని వర్తింపజేసేటట్లుగానైనా కనీసము అంగీకరించాలని సవరణ తీసుక రాబడింది. ౧౪వ క్లాజులో కలెక్టరుయొక్క పర్మిషన్ (Permission) లేకుండా ఏమైనా, షిక్మీ వగైరాలు పరస్పరంగా వ్రాసుకొన్నట్లయితే, అవి చెల్లవు. ప్రభుత్వము యొక్క పర్మిషన్ వుంటేనే చెల్లుతవి అనేది వుంది. అలాంటప్పుడు ప్రభుత్వంయొక్క అంగీకారంతో ఎవరైతే షిక్మీదారులు కొంతమంది వుంటారో వాళ్ళనుంచి వసూలుచేసే పద్ధతి ఏర్పాటు చేయాలని, ఎవరైతే వ్యవహారాలతో నేరుగా సంబంధం వుండదో వాళ్ళనుంచి వసూలు చేయుట చట్ట విరుద్ధమని సబబుకాదు. కాబట్టి చేసినతప్పును దిద్దుకొనుటకు దీనికి ౧౪వ సెక్షను వర్తింపచేసేటట్లు చేసుకుంటే బాగుంటుందని, వెంకటరామారావుగారు సవరణ తెచ్చారు. తరువాత శ్రీ బుచ్చయ్యగారు తెచ్చిన సవరణ ఏమిటి ? అబ్కారీ వ్యవహారాలు చలావడకు మనకు తెలుసు. ముస్తాజరు తను ప్రభుత్వానికి చెల్లించిన పన్నుకన్న రెండుమూడురెట్లు ఎక్కువకు సాధారణ వ్యాపారస్తులకు అమ్ముతూంటాడు. అంతకుముందే ఆయన తనకు రావలసిన మొత్తాన్ని తీసుకొని వుంటాడు. ముస్తాజరువద్ద, తీసుకొనే చిన్నచిన్న వ్యాపారస్తులుంటారు. వారు ముస్తాజరునుంచి రసీదులు తీసుకోలేని కారణం వలన, తిరిగి వాళ్ళనుంచి డబ్బు రాబట్టడానికి ఈ ప్రభుత్వం ఈ క్లాజును ప్రవేశపెట్టింది. ఆ విధంగా జరుగకుండా చూడాలని ముస్తాజరు మరియు కలాలీలక్క జరిగిన ఒప్పందంలో ముస్తాజరు పదిహేను పర్సెంటుకు మించి లాభం రాబట్టినప్పుడే ఆ వివరాలన్ని పూర్తిగా తెలుసుకొన్న తరువాతనే యీ సెక్షన్ అతనిపై ప్రయోగించాలని కోరుతున్నారు. ఈ సందర్భములో ఏవిధంగా చేసినా, ఒకడి భారాన్ని అందరి నెత్తిన రుద్దడానికి ప్రయత్నించడం న్యాయం అనిపించుకోదు. తాము పట్టిన కుందేలుకు మూడేకాళ్ళని అనదలుచుకుంటే ఏమీ చెప్పేదిలేదు. అలాంటప్పుడు సి. హెచ్. వెంకటరామారావుగారు తెచ్చిన సవరణ బాగున్నది. ఇవ్వాళ ప్రభుత్వానికి చెల్లించేపన్ను ముస్తాజరుగాని, స్థానికంగా అమ్మేవారుగాని స్వంతడబ్బునుంచి చెల్లించరు. “ త్రాగేవాడే చెల్లించుతాడు—తాటిపన్ను ” అని ఒక సామెత వుంది. ముస్తాజర్లకు పెద్దపెద్ద బంగళాలు కట్టించినా, స్థానికంగా అమ్మేవానికి అన్నంపెట్టినా, ప్రభుత్వానికి పన్నులు కట్టినా వాస్తవానికి పరిశీలిస్తే ఎడల త్రాగుతున్నవాడే కడుతున్నాడు. ముస్తాజరుగాని, కలాలీగాని

తన స్వంతసొమ్ము చెల్లించడు. కాబట్టి ఈ సవరణను అంగీకరించమనియూ, దీనిని అంగీకరించడం ద్వారా తాము ప్రజల్లోకి చొచ్చుకుపోయి తమ ఈ ప్రజావ్యతిరేక కార్యక్రమం అమలులో పెట్టడానికి ఈ మార్గంగా ఎక్కువ అవకాశాలను పొందవచ్చునని మంత్రిగారికి నా సలహా. అట్లు గాని ఎడల, వీలైనంత ప్రజానుగుణ్యాంగా దీనిని వర్తింపజేయడానికి సిద్ధంగా వున్నామని ఋజువు చేసుకొనడానికి శ్రీ అనంతరామారావుగారి సవరణను అంగీకరించి తరువాత మూడవ సవరణ అంగీకరించుట బాగుంటుందని చెబుతున్నాను. ఈ ఆబ్కారీశాఖా మంత్రిగారు ఇదివరకు చెప్పారు,— "పోలీసు యాక్షన్ తరువాత జగత్తుఅంతా మారినా, నేను మారలేదు" అని వారు మారరు. మారేఅవకాశంవుంటె ప్రజలతో పాటు మారేందుకు ఒకటి రెండు సవరణలు అంగీకరించడానికి ప్రయత్నించండి. ప్రజలతో మారడానికి సిద్ధంగా వుండని ఎడల నడమంత్రపు వ్యవహారంకన్నా వెనుకటి పెద్దల దారినైనా అనుసరించండని చెబుతూ ఇంతటితో నేను ముగిస్తున్నాను.

شری کے - وی - رنگا ریڈی - مسٹر اسپیکر سر - اس دفعہ میں چار ترمیات پیش کی گئی ھیں - پہلی ترمیم ''کنسیومر '' (Consumer) یعنی گاھک کا لفظ اضافہ کرنے کیلئے پیش کیگئی ھے - میں سمجھتا ھوں کہ یہ ترمیم ایک مذاقیہ ترمیم ھے - قانون میں ترمیم لا کر عوام کو فائدہ پہنچانا یا گورنمنٹ کی مدد کرنا ھوتا ھے - اس ترمیم میں ایسی کوئی چیز مضمر نہیں ھے - پہلے تو کہتے ھیں کہ جو شخص معاملہ پر قابض ھے اوس سے رقم بقایا وصول نہ کرنا چاھئے - دوسری طرف یہ ترمیم پیش کرتے ھیں کہ جتنے بھی سیندھی پینے والے ھیں گورنمنٹ اون سب سے رقم وصول کرے - میں سمجھتا ھوں کہ یہ ایک مذاقیہ ترمیم پیش کیگئی ھے - اسلئے مجھے اس پر زیادہ بولنے کی ضرورت نہیں ھے - یہ نامناسب ھے کہ ملک کے تمام پینے والوں سے آبکاری کی رقم وصول کیجائے - آئندہ جب کوئی ایسی اسکیم نافذ ھو کہ ملک کے ھر پینے والے پر ٹیکس لگایا جائے تب ممکن ھے کہ پینے والوں سے رقم بقایا وصول کیجائے - لیکن موجودہ سسٹم کے تحت پینے والوں سے رقم بقایا وصول کرنیکی کوئی ترمیم قبول نہیں کیجاسکتی - یہ ترمیم دوسری ترمیات کے بالکل متضاد ھے - اس لئے یہ ترمیم نامنظور کرنی چاھئے -

دوسری ترمیم '' بمتابعت دفعہ ۱۴ قانون ھذا '' کے الفاظ اضافہ کرنے سے متعلق ھے یہ بھی ایک دوسرے کے متضاد ھے - دفعہ ۱۴ میں یہ بتایا گیا ھے کہ شکمی دار کو سرکار اس وقت تک تسلیم نہیں کرتی جب تک کہ اسکی منظوری سررشتہ آبکاری سے نہو - اس ترمیم کا مطلب یہ ھے کہ کوئی مستاجر آبکاری یہ کہے کہ '' میرے ذمہ جو بقایا واجب الادا ھے وہ میرے شکمی دار زید سے وصول کیا جائے '' تو سررشتہ آبکاری زید سے رقم وصول نہیں کرتا کیونکہ نہ تو اسکا نام سررشتہ آبکاری کے رجسٹر میں درج ھے اور نہ یہ معلوم ھے کہ وہ کتنے جز کا حصہ دار ھے - یہ تو ایک راہ روسے وصول رقم کے مطالبہ کے مترادف ھے - اگر کوئی شخص باضابطہ منظوری حاصل کر کے حصہ دار نہیں بنتا تو ھم بطور سرکاری نہ اسکو حصہ دار تسلیم کرینگے اور نہ بطور حصہ دار معاملہ سے استفادہ کرنے دینگے اور نہ اس سے رقم وصول کرینگے - البتہ یہ مستاجر کی مرضی پر منحصر ھے کہ

کسی کو خانگی میں حصہ دے جسکا تعلق سررشتہ آبکاری سے نہ ہوگا ۔ ہم نے یہ اصول رکھا ہے کہ معاملہ دار پر رقم کی ذمہ داری ہوتی ہے یا اسپر ہوتی ہے جو قابض ہو خواہ اسکے لئے سرکار کی رضامندی حاصل کیگئی ہو یا نہو ۔ اسے حذف کرنے کیلئے آپ نے جو ترمیم لائی ہے میں اسکو قبول نہیں کرتا ۔ دفعہ ۱۴ میں یہ بتلایا گیا ہے کہ بلامنظوری کوئی شخص حصہ دار نہیں بن سکتا لیکن باوجود قابض نہونے کے حصہ دار بن سکتا ہے۔ آپ ایک طرف یہ کہتے ہیں کہ حصہ دار سے رقم وصول کی جائے اور دوسری طرف یہ کہتے ہیں کہ باوجود اسکے کہ کوئی شخص معاملہ سے استفادہ حاصل کیا ہو اس شخص سے رقم وصول نہ کرنا چاہئے ۔ اسلئے میں نہیں سمجھتا کہ یہ صحیح ہے ۔ خواہ وہ مستاجر ہو یا حصہ دار یا کسی طرح معاملہ حاصل کیا ہو گو سرکار کا تعلق بالراست اس سے نہیں ہے تاہم واجب الادا رقم اس شخص سے وصول کرینگے جو معاملہ پر قابض رہکر استفادہ کررہا ہے یا کیا ہے ۔ یہ بات میری سمجھ میں نہیں آرہی ہے کہ اسکو حذف کرنے کے بعد حکومت معاملات آبکاری کسطرح چلاسکتی ہے ۔ ایک صاحب نے کہا ہے کہ پہلے کا دفعہ ٹھیک تھا ۔ میں بھی مانتا ہوں کہ اسوقت کے حالات کے لحاظ سے وہ ٹھیک تھا ۔ لیکن حالات اب بدل گئے ہیں اور ہمیشہ بدلتے رہتے ہیں اس وجہ سے قانون کے دفعات میں بھی ہمیشہ رد و بدل کرنیکی ضرورت ہوتی ہے۔ معزز ممبران نے یہ نہیں بتلایا کہ کیوں یہ دفعہ اچھا نہیں ہے ۔ میں آپکو ایک مثال دیتا ہوں ۔ فرض کیجئے کہ زید نے سرکار سے معاملہ لیا ۔ بکر اسے تشدد کر کے معاملہ سے علحدہ کردیتا ہے اور خود قابض ہوتا ہے تو اس ترمیم کے لحاظ سے سرکار کیسے رقم وصول کریگی ؟ بل منظور کرنے سے سرکار اس سے رقم وصول کرسکیگی جو معاملہ پر قابض ہے ورنہ جس سے راست طور پر معاملہ کیا گیا ہے اسپر دوسرا شخص قابض ہوجائے تو رقم وصول کرنا مشکل ہوجائیگا میں سمجھتا ہوں کہ ایسی صورت میں حکومت کا کام نہیں چل سکیگا اسلئے متعلقہ عہدہ داران آبکاری کو اسطرح وصولی رقم کے اختیارات دینا چاہئے ۔ سنہ ۱۳۱۶ ف کے قانون میں شکمیداروں سے رقم وصول کرنے کا اختیار دیا گیا تھا ۔ یعنے پہلے مستاجر اور اسکے شکمی دار یا ضامن سے سرکاری رقم وصول کیجاسکتی تھی ۔ ایسے الفاظ تھے ۔ لیکن اب تعہدی سسٹم کو بدل کر مدراس سسٹم اختیار کرنیکی وجہ سے ذیلی تراش کنندہ کا نام بجائے شکمیدار کے نوکر ہوگیا ہے اسلئے اب مستاجر سے دوسرے لوگ جو معاملہ لیتے ہیں وہ نوکر نامہ لیکر درخت تراشتے ہیں ۔ اسلئے سررشتہ آبکاری کو رقم وصول کرنے کا اختیار نہ ہونیکی حجت کی جاتی ہے اسکو رفع کرنے کیلئے اب قابض معاملہ کے الفاظ قائم کئے گئے ہیں ۔ پہلے بھی وہی منشاء تھا اور اب بھی وہی منشاء ہے ۔ پہلے زمانہ میں ہائیکورٹ میں رٹ (Writ) پیش نہیں ہوتا تھا لیکن اب رٹ پیش ہوتے ہیں اور ہائیکورٹ میں قانونی نکات پر باریک بینی سے غور ہوتا ہے اور چھان بین ہوتی ہے ۔ اسلئے مختلف تعبیرات کی گنجائش نہ رہنے کے لئے قابض معاملہ کے الفاظ قائم کئے گئے ہیں ۔ میں نہیں سمجھتا کہ اس سے کسی پر کوئی ظلم ہوسکتا ہے ۔

ایک صاحب نے یہ بھی فرمایا کہ ھم تو رقم دیتے ھیں لیکن پھر بھی معاملہ دار اس سے وصول کرلیتا ھے ۔ میں سمجھتا ھوں کہ انکی نظر ان الفاظ پر نہیں پڑی کہ صرف اسی حد تک وصول کرتے ھیں جس حدتک کہ رقم اسکے ذمے باقی ھے اور سرکار کو جو رقم وصول شدنی ھے اسی حد تک وصول کرتے ھیں ۔ اسکے علاوہ دوسری شرط یہ بھی ھے کہ....

شری کے ۔ وینکٹ رام راؤ ۔ دفعہ ۷ میں " اس تاریخ تک " کے الفاظ نہیں ھیں بلکہ جسقدر بھی واجب الادا ھو وصول کرتے ھیں ۔

شری ۔ کے وی ۔ رنگا ریڈی ۔ میں سمجھتا ھوں کہ اس عبارت سے اس تاریخ تک کا مطلب نکلتا ھے جب تک کہ وہ قابض رھے اسکے بعد بھی اسی سے وصول کرنیکی گنجائش ھے ۔ میں وہ الفاظ بھی پڑھکر سناتا ھوں جو قانون میں ھیں ۔

" وہ جملہ رقم جو کسی مراعات یاب معطی یا اس قانون کے تحت کسی اجازت یافتہ یا کسی شخص سے محصول آبکاری سے متعلق کسی معاھدہ کی بناء پر سرکارعالی کو واجب الوصول ھوں تعھددار یا اسکے ضامن یا ھر ایسے شخص سے جو ایسے تعھد سے متعلق کاروبار پر قبضہ رکھتا ھو اس حد تک جو ایسے شخص کی مدت قبضہ کی بابت اس سے تعھد دار کو واجب الوصول ھوں مثل زر مالگزاری وصول کیجاسکینگی "۔
یعنی جو رقم سرکارعالی کو واجب الادا ھو مثل زر مالگزاری کے اتنی ھی رقم وصول کرینگے ۔ اسکی نسبت یہ بھی کہا گیا ھے کہ وہ لوگ دیوانے ھوتے ھیں ۔ پڑھے لکھے نہیں ھوتے اسلئے رسید نہیں لیتے ۔ ایسی صورت میں ادا شدہ رقم بھی وصول کرنے کیلئے سرکار کو موقع رھتا ھے ۔ سرکاری عہدہ دار بادی النظر میں بھی اگر کوئی رقم وصول شدہ معلوم ھوتو مکرر طلب نہیں کرینگے ۔ اسلئے یہ کہنا بے بنیاد ھوجاتا ھے کہ سرکاری عہدہ دار مکرر رقم وصول کرینگے ۔ یہ نہیں ھوتا کہ ان سے مستاجر بھی رقم وصول کرے اور سرکار بھی رسید نہ ھونے کی وجہ سے عدالت کے ذریعہ وصول کرے ۔

موجودہ حالات میں عدالت میں قابض معاملہ سے رقم وصول کرنے کیلئے ھی یہ ضمن رکھا گیا ھے ۔ میں نے اپنی عام بحث کے سلسلہ میں یہ کہا تھا کہ کافی تجربہ کی بناء پر ھی یہ دفعہ رکھا گیا ھے چنانچہ گزشتہ سال تعلقہ حضور آباد اور تعلقہ ورنگل میں شکمیداروں نے مستاجرین کو (۶) مہینے کی رقم ادا نہیں کی تھی اسلئے سنہ ۱۳۶۲ ف کے ھراجات میں مستاجرین بولی نہیں لگارھے تھے ۔ اسکی اطلاع ھونے پر میں معاملات ھراج کرنے کے مقامات پر گیا ۔ دریافت کرنے پر معلوم ھوا کہ چھ مہینے کی رقم ذیلی دوکانداروں سے وصول نہیں ھوئی ھے اور آبکاری کے عہدہ دار یہ کہتے ھیں کہ ھم صدر المھام کے حکم کے بغیر شکمیدار یا قابض معاملہ سے رقم وصول نہیں کرسکتے ۔ اسلئے مستاجر معاملہ نہیں لے سکتے ۔ میں نے دیکھا کہ ھم قابض معاملہ سے بھی رقم وصول کرسکتے ۔ ھیں یا عام قاعدہ کے تحت جو شخص معاملہ سے استفادہ کیا ھے وہ اس معاملہ کی رقم ادا کرنیکا ذمہ دار ھے ایسا ھمکو اختیار ھے ۔ تب میں نے ان لوگوں سے کہا کہ وہ معاملہ لے سکتے ھیں ھم وصولی رقم میں امداد

کرینگے ۔ سابقہ زمانہ میں ایسی نوبت بھی نہیں آتی تھی لیکن اس زمانے میں کسی نہ کسی وجہ سے ایسا ہورہا ہے ۔ اسلئے موجودہ حالات کا لحاظ کرتے ہوئے اصولا ۔ انصافاً اور ایمان کو برقرار رکھنے کیلئے اس دفعہ کی ضرورت ہے ۔ اسپر ایک صاحب نے یہ بھی کہا کہ یہ تو راہ روسے وصول کرنے کی بات ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ انہوں نے قانون معاہدہ میں تعلقات مشابہ معاہدہ کے باب کو نہیں پڑھا ہے ۔ اسمیں گوایجاب و قبول نہیں ہوتا لیکن انکے طریقہ عمل سے معاملہ مستنبط ہوتا ہے ۔ ایک چور کسی کے مال کی چوری کرتا ہے تو محض اس وجہ سے کہ اس میں کوئی ایجاب و قبول نہیں ہوتا اس لئے مالک مسروقہ مال کو واپس نہیں پاسکتا اسکو اگر مان لیا جائیگا تو زبردستی مال لینے والا یا چوری کرنے والا مالک بنجائیگا ۔اسطرح جب ایک شخص دوسرے شخص کو کوئی چیز دیتا ہے تو اگر مفت دینے کی نیت نہو تو دینے والا اسکو واپس پاسکتا ہے ۔ یہ تمام چیزیں تعلقات مشابہ معاہدہ کے لحاظ سے صریحی معاہدہ کا اثر رکھتی ہیں ۔ اسلئے یہ کہنا کہ قانون معاہدہ کے خلاف ہے غلط ہے ۔ قانون معاہدہ کے بموجب ہی یہ لایا گیا ہے ۔ ایک شخص جبراً قابض ہوجاتا ہے تو اس سے بھی معاوضہ لینے کا حق ہے ۔ رضامندی سے قابض ہوتا ہے تو بھی لینے کا حق ہے ۔ مفت نہ دینے کی نیت سے دیں تو بھی لے سکتے ہیں ۔ یہ کہنا کہ قانون معاہدہ میں یہ نہیں آتا یہ غلط فہمی پر مبنی ہے یا دیدہ و دانستہ غلط استدلال پیش کیا جارہا ہے ۔ اسلئے میں یہ ترمیم لائق پذیرائی نہیں سمجھتا ۔

چوتھی ترمیم یہ ہے کہ ہم مستاجر پر یہ ذمہ داری عائد کردیں کہ ۱۰ فیصد سے زائد منافع پر معاملہ نہ دے۔ میں نہیں سمجھتا کہ یہ دستور کے تحت کیسے آتا ہے ۔ ایک شخص کو ایک حق دیدیا جاتا ہے اور اس حق پر ایک تحدید عاید کردیجاتی ہے ۔ یہ کیسے ہوسکتا ہے ؟ اگر میرے دوست گیارنٹی دیتے ہیں کہ معاملات کا اسطرح کا انتظام کامیاب ہوگا تو میں ۱۰ فیصد تو کیا ۵ فیصد سے زیادہ نہ لینے کی تحدید عائد کرنے کیلئے بھی تیار ہوں ۔ معاہدہ کے بارے میں جو استدلال پیش کئے گئے ہیں وہ باہم یک دیگر متناقص ہیں ۔ میں آپکو مثال دیکر سمجھاتا ہوں ۔ ہراج کے وقت کلال ۱۰۰ روپیے تک بولی بڑھاتا ہے ۔ اور اسکے بعد بس سے باہر ہے کہکر چھوڑ دیتا ہے ۔ دوسرا ایک دولتمند شخص اس معاملہ کو ۱۵۰ میں حاصل کرتا ہے ۔ اب اسی معاملہ کو کلال اس دولتمند شخص سے ڈبل معاوضہ پر یعنی ۳۰۰ میں حاصل کرتا ہے ۔ یہ میرے سمجھ میں نہیں آتا کہ اس وقت تو وہ ۱۰۰ کے بعد ۱۲۵ نہ کہہ سکا ۔ یا ۱۵۰ کے بعد ۱۵۱ کہکر معاملہ حاصل نہیں کیا ۔ اب اسے ۳۰۰ روپیے میں لینے کی کیسے ہمت ہوئی ؟ یہ کہنا کہ اسکو نقصان ہوتا ہے ۔ یہ مفروضہ ہے ۔ یہ تو ظاہر ہے کہ معاملہ لینے والا جو مالدار ہوتا ہے بذات خود تو تراشتا نہیں ۔ اگر رقم زائد سمجھی جاتی ہے تو ایک سال معاملہ اس مستاجر سے حاصل نہ کریں تو دوسرے سال وہ خود بخود پیچھے ہٹ جائیگا ۔...........

شری ایم ۔ بچیا ۔ حضور آباد میں ایسی شکایت پیش ہوئی اس وقت تو آپ نے کنٹراکٹر کی تائید کی ۔ تراشنے والے کا اسکے سوا کیا وسیلہ رہتا ہے ۔

شری کے - وی رنگا ریڈی - ہم تو ایمانداروں کی ضرور مدد کرینگے - اگر کسی کے دل میں بے ایمانی ہو تو کبھی مدد نہیں کرینگے - آپ یہ کہیں کہ معاملہ تو لے لینگے لیکن رقم نہ دینگے تو اخلاقاً بھی ایسے شخص کی مدد نہیں کیجاسکتی - سرکاری ہراج کے وقت تو واجبی رقم نہیں لگاتے لیکن کسی دوسرے شخص کے معاملہ لینے کے بعد اس سے ڈبل رقم پر اسکو دبانے کی نیت سے حاصل کرے تو یہ بے ایمانی نہیں تو اور کیا ھے ؟ اگر آپ اس رقم کو زائد سمجھتے ھیں تو لینے سے انکار کردیجئے - لیکن ایک رقم تسلیم کر کے ادائی کے وقت پیچھے ہٹ جانا یہ کہاں تک واجبی ھے ؟ ایسی صورت میں تو امداد کرنی ھی پڑتی ھے -

ھاں میں ۱۵ فیصد کی شرط کے بارے میں کہہ رہا تھا - ایک شخص کو مکان فروخت کیا جاتا ھے - لیکن اس پر یہ شرط لگاتے ھیں کہ وہ مکان نہ تو فروخت کرے نہ اس میں رہائش اختیار کرے - نہ اسکو گروی رکھے تو یہ قانون معاهده کے لحاظ سے کہاں تک جائز ھے ؟ کسی شخص کو حق عطا کیا جائے اور حق کے استمتاع پر قید عائد کیجائے تو یہ قید کالعدم ھے - آپ کہتے ھیں کہ بندوباٹ کے وقت ۱۵ فیصد سے زائد رقم پر معاملہ نہ دیا جائے - اگر ایسی شرط عائد ھو تو وہ شرط ھی کالعدم ھوگی - ۱۵ فیصد تو کیا ۱۵۰ فیصد پر بھی وہ دے سکتے ھیں اگر لینے والے راضی ھوں - بعض صورتوں میں تو ایسا بھی ھوتا ھے کہ مستاجر کو ۵۰ فیصد کمی سے ھی معاملہ دیدینا پڑتا ھے جبکہ وہ دیکھتا ھے کہ اس معاملہ میں نقصان آنے والا ھے - ایسی صورت میں ۱۵ فیصد اضافہ کی شرط رکھنے سے کیا ھوگا ؟ نقصان کی صورت میں تو مستاجر اپنے گھر سے پابجائی کرتا ھے - معاملہ دینے کے بعد یہ مستاجر کا اختیاری رہتا ھے کہ وہ جتنے اضافہ یا کمی پر چاھے دوسرے کو معاملہ دے - آپ ۱۵ فیصد کی شرط عائد کرنے کے بارے میں ترمیم پیش کررھے ھیں لیکن میں کہونگا کہ کلال خود اپنے نام پر معاملہ کیوں حاصل نہیں کرلیتے بجائے اسکے کہ مستاجر سے زائد رقم پر معاملت کریں ؟

ان حالات میں میں ان چاروں ترمیمات پیش کرنے والے آنریبل ممبرس سے اپیل کرونگا کہ ان چاروں میں سے کوئی ترمیم بھی قانوناً قبول کرنے کے قابل نہیں ھے - اسلئے بجائے اسکے کہ وہ انہیں ووٹ پر رکھنے کی خواھش ظاھر کریں وہ انکو واپس لیں تو مناسب ھوگا -

Mr. Deputy Speaker : I will put the amendments to clause 7 to vote. The question is :

"In lines, 8, 9, 10 and 11 of sub-section (1) of section 7 proposed to be substituted by clause 7 of the Bill, omit the following words, namely—

"or every such person who may have occupied the business relating to such lease to the extent of the amount due from

him to the lessee in respect of the period of occupation of such person."

The motion was negatived.

Mr. Deputy Speaker : The question is :

"That in line 9 of sub-section (1) of section 7 proposed to be substituted by clause 7 of the Bill, between the words 'business' and 'relating' the following words be inserted namely—

'or his customers' ".

The motion was negatived.

Mr. Deputy Speaker : The question is :

"That in line 9 of sub-section (1) of section 7 proposed to be substituted by clause 7 of the Bill, between the words 'business' and 'relating' the following words be inserted namely :—

"subject to the provisions of section 14 of this Act."

The motion was negatived.

Mr. Deputy Speaker : The question is :

"That at the end of section 7 proposed to be substituted by clause 7 of the Bill, add the following provisio namely—

"Provided that the lessee has sub-leased the business on a profit of not more than 15% of the total amount he pays. the Government on that business."

The motion was negatived.

Mr. Deputy Speaker : The question is :

"That clause 7 stand part of the Bill".

The motion was adopted.

Clause 7 was added to the Bill.

Mr. Deputy Speaker : The question is :

"That clauses 8 and 9 stand part of the Bill."

The motion was adopted.

Clauses 8 and 9 were added to the Bill.

Mr. Deputy Speaker : There is an amendment to clause No. 10, but it is for omitting the clause altogether. It cannot be moved.

The other part of the amendment is consequential.

Shri K. Venkatrama Rao : But it can be discussed, Sir.

Mr. Deputy Speaker : Yes. He can speak.

श्री. अंकुशराव व्यंकटराव घारे (परतूर)

माननीय अध्यक्षमहोदय, यह जो अमेंडमेंट में लाया हूं वह १३१६फसली के आबकारी अेक्ट में जो तरमीम बिल लाया जारहा है अुसके क्लाज १० में तरमीम करने के लिये लाया हूं। अिस अेक्ट में जितनी भी चीजें हैं जिनसे लेकर बना सकते हैं अुनको मुमानियत की गअी है लेकिन यह जो प्रोवीजो अिस सेक्शन १० में रखा गया वहां अैसा है कि

Clause 10. "Provided that the Government may, by notification in the Jarida, direct that in any local area it shall not be necessary to take out licence for the manufacture of liquor for bona fide home consumption".

और यह पढने पर भी मैं नहीं समझ सका कि गवर्नमेंट को क्यों महसूस हुआ कि किसी अेरिया को अिस लाके आपरेशन से महरूम रखे। हमारी गवर्नमेंट जिनके अूपर निगरानी करती है अैसी डिस्टीलरीज हैं और हमारे यहां जो भी लोग चाहते हैं अुनको अच्छीअच्छी शराब मिल सकती है। जो लोग हैदराबाद मे रहते हैं अूनको मालूम है कि यहां के क्या धर्म कर्म हैं। प्राअिवेट डिस्टीलरीज भी वर्क करती हैं। लेकिन किसी खास अेरिया को क्सक्स् करने की गरज गवर्नमेंट को क्यों महसूस हुअी यह समझमे नहीं आसका। हमारे पास डिस्टीलरीज है और अच्छीअच्छी शराब मिलती है। तो किसी लक्जूरियस अेरियाज के लोगों को यह परमिशन देना कि वेलोग खुद के कन्जमशन के लिये लिकर बना सकते हैं, यह मेरी समझमें नहीं आसका। जैसे कुछ ट्रायबल अेरियाज हैं जहां के कोया या चंचू लोग शराब के आदी होते हैं और अुनको आपके अेक्साअीज डिपार्टमेंट के लोग सताते हैं और अुनको अिसमें से अेक्सक्लूड करनेके लिये यह बात शायद रखी गअी हो। हमारी कान्स्टीटयूशन के डायरेक्टिव प्रिन्सिपल्स ४५ के तहत कहा गया है कि प्रोहीबीशन हमारे देशके लिये अच्छी चीज है। लेकिन जब कोअी कानून बनाते हैं तो हमारे मिनिस्टर साहब फरमाते हैं कि बंबअी में अैसा किया गया है, जिसकी वजह से हम अैसा कानून ला

रहे हैं या मद्रास में अैसी तरमीम कीगअी है अिस वजह से हम अिस तरमीम को ला रहे हैं। लेकिन हम यह नहीं देखते कि बंबअी और मद्रास में प्रोहिबिशन हैऔर म्हैसूर के चंद अिलाकों में भी प्रोहिबिशन है। जान दीजिये अिस चीज को। प्रोहिबिशन तो अक बडी चीज है और हमारा फायनान्स भी अुसको कुबूल नहीं करता। लेकिन बंबअी में प्रोहिबिशन लाया गया तो हर घर में भट्टी बन गअी अुसी तरह से किसी अेरिया को अेक्सक्लूड करके वहां हर घर में लोग जितनी चाहे शराब तैयार कर सकें अिसकी [illegible]रीडम देना किसी तरह से अच्छा नहीं है। अिसलिये जिन अेरियाज को परमीशन नहीं दी जायगी वह अिल्लिसिट लिकर बनाने के सेंटर्स बन जायेंगे और अुसमें गवर्नमेंट के रेविन्यू का भी लास होगा। जब कि प्राअिवेट कंजम्शन के लिये शराब फराहम हो सकती है. अैसी सूरत में सेक्शन १० की कोअी जरूरत नहीं समझता। अिस के बाद यह कहा जायगा – और मैं खुद यह समझने कासिर हूं कि यह कानून में क्यों रखा गया है।

दूसरी बात यह है कि हमारी गवर्नमेंट के अेकसाअिज और पब्लिक वर्क्स डिपार्टमेंट अैसे डिपार्टमेंटस हैं जिन के बारे में कहा जाता है कि ये करप्शन के ब्रीडिंग सेंटर्स हैं और जितनी अच्छी निगरानी अुन पर रखी जाय अुतना करप्शन ज्यादा बढता रहता है। जब अेक अेरियामें यह स्कीम शुरू की जाय तो अुस के बाद डिपार्टमेंटल हेडस कौनसे अेरियाज में कौनसी चीज होनी चाहिये वगैरह बातों की नोट नहीं रख सकता। अिस तरह से अिल्लिसिट लिकर मैनूफैक्चर करने का लायसन्स अिस प्रोवीजो के तहत मिलनेवाला है। अिसलिये अिस प्रोवीजो की कोअी जरूरत नहीं हैं। अिसलिये मून्हर आफ दि बिल अिस क्लाज को अेक्सक्लूड करेंगे अैसी मैं आशा करता हूं अितना कहकर मैं अपनी तकरीर खतम करता हूं।

شری عبدالرحمن - مسٹر اسپیکر سر - دفعہ (۱۰) عجیب و غریب ہے - بڑے زور و شور سے کہا جاتا ہے کہ بلا اجازت شراب نہیں نکالی جاسکتی - اسکی باقاعدہ اجازت لینی پڑتی ہے - اسکی باقاعدہ تقسیم کیلئے ڈسٹلری موجود ہے - اسکی کافی نگرانی ہوتی ہے - کم قوت کی شراب بیچی جائے تو تعزیری کارروائی کیجاتی ہے - یہ احتیاط کیجاتی ہے وہ احتیاط کی جاتی ہے - لیکن یہاں ایک عجیب و غریب دفعہ دیکھنے میں آئی کہ کسی خصوصی رقبے کو اجازت کے حاصل کرنے سے مستثنےٰ کیا جائے - کم ازکم فرسٹ ریڈنگ کے وقت یا وجوہ ونحوی کے اظہار کےوقت اسکا اظہار کیا جاتا کہ اسکے کیا اسباب ہیں - ہم حیران ہیں کہ آخر وہ کونسی ضرورت ہے جسکے تحت آنریبل منسٹر صاحب اس استثناء کی ضرورت کو محسوس کرتے ہیں - یہاں خفیہ کشید گی کے اتنے اڈے ہیں نہ صرف اضلاع میں بلکہ شہر میں موجود ہیں - شہر میں خفیہ کشید گی کے اڈے ہیں - بعض راجہ فیملیز کو اسکی اجازت ہے حالانکہ آج کل کے حالات کے اعتبار سے اسکی اجازت نہ ہونا چاہئے - ممکن ہے اس مسئلہ پر غور کیا جارہا ہو اور اگر غور نہیں ہورہا ہے تو ہونا چاہئے - بہرحال خلاف ورزیوں پر خلاف ورزیاں ہورہی ہیں - جتنا راشن شراب کے دوکانداروں کیلئے مقرر کیا گیا ہے وہاں پوری کھپت نہیں ہوتی ہے ہزاروں بلکہ لاکھوں روپیہ کا انکا نقصان ہورہا ہے - سکندرآباد اور حیدرآباد کے معاملہ شراب میں بیٹھک کی ہزاروں روپیہ کی

کمی ہوگئی ہے - اکثر اضلاع میں پچاس فیصدی سے بھی کم آمدنی اس سال ہوئی ہے - آخر یہ کیوں ہورہا ہے - میں سمجھتا ہوں کہ خفیہ کشید پر قابو نہ پانے کی وجہ سے ہورہا ہے - اس دفعہ سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ شراب کی کشید سے جو کچھ آمدنی ہوتی ہے اوس آمدنی کو متاثر کرنا مقصود ہے - اس میں شک نہیں کہ جتنا جلد ہوسکے سیندھی شراب کے استعمال کو ختم کرنا ہمیں مقصود ہے لیکن آج کل کے حالات ایسے نہیں ہیں کہ فوری اسکو ختم کردیا جائے - حالات جب ٹھیک ہوجائینگے تب ختم کیا جاسکیگا - لیکن یہ سمجھ میں نہیں آرہا ہے کہ آج یہاں ایسی ضرورت کیوں محسوس ہورہی ہے کہ کسی رقبہ کو اجازت کے حاصل کرنے سے مستثنے کردیا جائے - مجھے اس سے بحث نہیں کہ کس رقبہ کو مستثنے کیا جائیگا خواہ تلنگانہ ہو یا مرہٹواڑہ - اسکے نتیجہ پر ہمیں غور کرنا ہے کہ اسکا نتیجہ کیا ہوگا - اسکا نتیجہ یہ ہوگا کہ گھر گھر دکانیں قائم ہوجائینگی اور اوس سے آمدنی متاثر ہوگی - اگر آمدنی کو متاثر کرنا ہی مقصود ہے تو اور بات ہے - اس دفعہ کی تدوین سے ہمیں تو یہ اندیشہ ہورہا ہے کہ حکومت عمداً شراب کے ذریعہ جو آمدنی ہوسکتی ہے اوسکو متاثر کرنے کا بیڑہ اٹھائی ہے - میں اپنے معزز دوستوں سے درخواست کرونگا اور بالخصوص اون دوستوں سے جو سرکاری بنچز پر بیٹھے ہوئے ہیں کہ وہ اس ترمیم کی تائید کر کے سرکاری آمدنی کو متاثر کرنے کی کوشش نہ کریں - اگر ایسا کریں تو آپکی نیک نیتی پر شبہ ہوگا - میں کسی کی نیت پر حملہ کرنا تو نہیں چاہتا لیکن لاکھوں کروڑوں روپیہ کے نقصان کا موجب ہوگا صرف اتنا کہنا چاہتا ہوں - کروڑوں روپیہ کا نقصان کرنے کیلئے یہ دفعہ سوچی گئی ہے - ہوسکتا ہے کہ اس دفعہ کی ترتیب کے وقت یہ خیال آیا ہو کہ چند اپنے خاص مخصوص اشخاص کو مخصوص مقامات پر معاملہ آبکاری دیکر اوس سے غلط طور پر استفادہ کیا جائے - اسلئے پوری قوت کے ساتھ میں آپکو وطن کی ہمدردی کا واسطہ دیکر اپیل کرونگا کہ اس دفعہ کی مخالفت کریں اور اسکو قانون کا درجہ نہ دیں اور جو خیال رد کئے جانے کے قابل ہیں اوس کو رد کردیں -

شری کے - وی - رنگا ریڈی - مسٹر اسپیکر سر - جب کوئی ترمیم لائی جاتی ہے یا کوئی بات کہی جاتی ہے چاہے وہ کسی مسئلہ سے متعلق ہو تو یہ نہیں دیکھا جاتا کہ اوس میں کس حد تک حقیقت ہے بلکہ مقصد یہ ہوتا ہے کہ کسی نہ کسی طرح مخالفت کیجائے چاہے وہ حقائق پر مبنی بھی نہو - ایک طرف تو یہ کہا جاتا ہے کہ غریبوں کا خون چوسکر سرکاری خزانے کو بھرنے کی گورنمنٹ کوشش کرتی ہے اور دوسری طرف یہ کہا جاتا ہے کہ سرکاری آمدنی کو متاثر کرنے کی کوشش کیجارہی ہے - آج ہی میں نے ایک کارروائی میں تجویز کی ہے کہ گونڈ بھیل کو ٹرائیبل ایریاز (Tribal Areas) میں جانوروں کی بنچرائی کی فیس معاف کیجائے - اس سال میں نے حسب سابق وصول کرنے کا حکم دیا تھا لیکن اسبارے میں اتنی گڑبڑ کیگئی کہ پھر معاف کرنے کا حکم دیا گیا - صحرا میں بعض جگہ لوگ بلا اجازت شراب تیار کرنے کے عادی ہیں - ایسے مقامات پر نصف شرح

مقرر کیگئی ہے - یعنی دوسری جگہ نو روپیہ لئے جاتے ہیں تو وھاں ساڑھے چار روپیہ مقرر کئے گئے ہیں تاکہ رفتہ رفتہ خلاف ورزی قانون اور مفت خوری کی یہ عادت جاتی رہے - جب رفتہ رفتہ انکی عادت کو اسطرح بدلا جائے تو آخر میں انکو خرید کر پینا پڑیگا اور بیس روپیہ گیالن تک بھی قیمت دینا ہوگا اور بیٹھک کا ہراج علحدہ ہے - اسطرح (۶۰) روپیہ اوسط فی گیالن ہوجاتا ہے - جو لوگ مفت میں پینے کے عادی ہیں اگر انکو ساٹھ روپیہ دیکر پینے کا پابند کیا جائے تو وہ بغاوت برپا کرینگے اسلئے انکو سابقہ کیطرح مفت پینے کی اجازت دینے کی بجائے مناسب یہ خیال کیا گیا کہ اسطرح بتدریج قیمت شراب بڑھاتے بڑھاتے اس قابل بنایا جائے کہ رفتہ رفتہ اون سے مفت خوری کی عادت چھوٹ جائے - اس لئے یہ چیز اس دفعہ میں رکھی گئی ہے - میں سمجھتا ہوں کہ آنریبل ممبرس نے اس کو غور سے نہیں پڑھا ورنہ اس قدر زور و شور سے اسکی مخالفت نہ کیجاتی . . . .

شری رتن لال کوٹیچہ - اپوزیشن کی بنچس پر کوئی ایسے صاحب بیٹھے ہوئے ہیں جو اسمبلی کے رکن نہیں ہیں . . . .

مسٹر ڈپٹی اسپیکر - کہاں ہیں ؟ کوئی ایسے صاحب تو نہیں ہیں جو اسمبلی کے رکن نہوں - کوئی نہیں ہیں - شاید آپکو غلط فہمی ہوئی ہے . . . .

شری رام راؤ - شاید نظر کا دھوکہ ہے ....

شری ایم - بچیا - چونکہ آبکاری بل پیش ہوا ہے اسلئے ایسا معلوم ہورہا ہے -

شری کے - وی - رنگا ریڈی - ایک آنریبل ممبر نے کہا کہ اسطرح خفیہ کشید گی میں اضافہ کرنا مقصود ہے - میں سمجھتا ہوں کہ اس دفعہ کے الفاظ کو سمجھنے میں کچھ غلطی ہوئی ہے یا یہ کہ اسکے اصطلاحی معنی لئے جارہے ہیں - جب اجازت دیتے ہیں تو اسکو خفیہ کشید نہیں کہا جاسکتا - وہ تو اجازت یافتہ کشید کہلائی جائیگی - البتہ وہ شراب جسکی کشید کی اجازت نہ دیگئی ہو خفیہ کشید کہلائے گی - اگر کوئی خفیہ کشید کررہا ہو اور ہم نے اسکی اجازت دیدی ہو تو وہ خفیہ کشید نہیں کہلائیگی - اجازت کے بعد تو وہ عمل خلاف ورزی کی تعریف میں نہیں آئیگا البتہ اجازت سے پہلے خلاف ورزی ہورہی تھی یہ متصور ہوگا - اگر آج ہم اس سہولت کو ختم کردیں تو تمام صحرائی اقوام صحراؤں میں خفیہ کشید کرینگے -

شری عبدالرحمن - آپکو صحرائی اقوام سے اتنی ہمدردی ہے تو ڈسٹلری سے انکو تقسیم کرنے کا انتظام کیوں نہیں کرتے -

شری کے - وی - رنگا ریڈی - عادل آباد کے جنگلوں میں پھر کر شراب تقسیم کرنے کی ذمہ داری اگر آنریبل ممبر لیتے ہیں تو میں ڈسٹلری سے شراب مہیا کرنے کیلئے تیار ہوں - اسکے باوجود میں یہ کہونگا کہ ایسا انتظام کرنے میں یہ دفعہ حائل نہیں ہے اس دفعہ سے اسکی مانعت نہیں ہوتی - لیکن جسوقت آپ ایسے انتظام کو پورا کرنے کے قابل نہ رھینگے میں اوسی وقت اس دفعہ کا استعمال کرونگا - اگر آپکے اس سجیشن کو قبول بھی

کرلیا جائے تب بھی اس دفعہ کی ضرورت باقی رہتی ہے - لازمی طور پر وہ بھٹیاں نہیں لگائینگے - بھٹی تو اوسوقت لگائینگے جب سررشتہ آبکاری سے اجازت لینگے - اسواسطے یہ بحث متعلق نہیں ہے اور نہ اسکو حذف کرنے کی ضرورت ہے - یہ دفعہ خزانہ سرکار کو متاثر کرنے کیلئے نہیں لایا گیا ہے بلکہ اس سے آمدنی کو ہمارے قابو میں رکھنے کیلئے ایک شرط عائد کرنا مقصود ہے تاکہ رفتہ رفتہ انکو پورے طور پر قابو میں لایا جائے - لہذا میں اپیل کرونگا کہ اس دفعہ میں جو ترمیم لائی گئی ہے اوس سے دستبرداری کیجائے -

Mr. Deputy Speaker : The question is :

"The clause 10 stand part of the Bill".

The motion was adopted.

Clause 10 was added to the Bill.

Clauses 11 *and* 12

مسٹر ڈپٹی اسپیکر- جہاں تک کلاز ۱۱ و ۱۲ کا تعلق ہے اسمیں کوئی ترمیم نہیں آئی ہے اسلئے میں دونوں کو ایک ساتھ ووٹ کیلئے رکھتا ہوں -

The question is :

"That clauses 11 and 12 stand part of the Bill."

The motion was adopted.

Clauses 11 and 12 were added to the Bill.

Shri K. Venkatrama Rao : Sir, I beg to move :

"That for clause (*b*) of section 13 of the Act proposed to be substituted by clause 13 of the Bill, the following be substituted, namely,—

Notwithstanding anything contained in this Act, on Sendhi by a tax on each tree from which sendhi is drawn to be paid in lumpsum or in such instalments and for such period or according to its quantity before it is imported, exported or transported as given below :

1. There shall be no auction of the right of vend, but the price shall be fixed for each tree given for tapping and allotted to a particular shop. This price shall include the licence fee and the tree tax. For the purpose of arriving at the price, the

average total Government income from each village or shop shall be worked out on the basis of the incomes of the years 1356 (1946-47), 1357 (1947-48) and 1360 (1950-51) Fasli. The years 1358 (1948-49) and 1359 (1949-50) Fasli were abnormal and so the incomes of these years shall not be considered for this purpose.

2. The minimum number of trees which must be accepted by the tappers shall be fixed. This number shall be 25% less than the number of trees allotted in 1356 (1946-47) Fasli. This guarantee by the tappers is necessary, lest the Government should suffer in excise revenue, for want of sufficient number of trees being tapped. The maximum number of trees which may be tapped in any village or for any shop shall be that allotted in 1356 (1946-47) Fasli.

3. The Excise Department shall determine and allot trees for each village and the tappers shall submit applications for trees which they would like to tap. The Excise Superintendent shall sanction these applications keeping in view the total number of trees available for the purpose. The applicants will distribute the trees among themselves by mutual consent and in cases of dis-agreement over the distribution of trees the Excise Superintendent or some officer subordinate to him not below the rank of a Sub-Inspector will be authorised to distribute the trees.

4. The full price of the trees which are sought to be tapped by the tappers shall have to be paid in the Government Treasury by the applicants before the application is submitted, as is the practice at present. After the application is sanctioned, the tapping licence and the transport permit will be issued. The applicants will not be required to submit as at present solvency certificates or to make any cash deposits with regard to the trees which they wish to tap. In exceptional circumstances, however, Excise Commissioner is empowered to collect one half of the price of the trees in advance or fix the instalments for the payment of Government dues on the production of acceptable and reliable security. Prior approval of the Minister for Excise will be essential to this course of action.

All those persons who obtain trees shall give a written agreement guaranteeing that the full minimum number of trees and that even if they fail to tap the minimum number of trees, they will pay the Government dues for the minimum number.

5. Shops will be established in suitable places near the village basthies. Tappers will be permitted to sell sendhi in selected sites in the topes as well, but such sales shall be permissible from sunrise to an hour before sunset. Tappers will have the option to sell sendhi either at the shop or at the site, but not elsewhere.

6. Excise Inspectors shall set up a committee in each village in consultation with the tappers and with the approval of the Excise Superintendent. These committees shall have 3 members, one of whom shall be the President. The functions of the committees shall be :

(*i*) When a permit has been secured by any person for felling any toddy or sendhi trees, to decide on the actual trees which may be cut down and where the permit is for a useful tree, to decide which tree will be cut.

(*ii*) If a person secures a permit for cutting of leaves to earmark the trees whose leaves may be cut.

(*iii*) To see that un-numbered trees are not tapped.

(*iv*) To supervise tapping as prescribed in the Excise Rules.

(*v*) To assist the officers in Excise matters and to furnish information regarding excise offences to the concerned officers.

7. The new system shall not apply to the towns and cities as arrangements can be made only in those places where trees are available locally in large quantities and large quantities of sendhi are not required to be transported over long distances. For such places, the existing system will continue.

8. The existing orders will continue to be in force even after the new system is introduced except in so far as they operate against the basic principles of the new scheme".

Mr. Deputy Speaker: Amendment moved:

"That for clause (*b*) of section 13 of the Act proposed to be substituted by clause 13 ot the Bill, the following be substituted, namely,—

'Notwithstanding anything contained in this Act, on sendhi by a tax on each tree from which sendhi is drawn to be

paid in lumpsum or in such instalments and for such period according to its quantity before it is imported, exported or transported as given below :

1. There shall be no auction of the right of vend, but the price shall be fixed for each tree given for tapping and allotted to a particular shop. This price shall include the licence fee and the tree tax. For the purpose of arriving at the price, the average total Government income from each village or shop shall be worked out on the basis of the incomes of the years 1356 (1946-47), 1357 (1947-48) and 1360 (1950-51) Fasli. The years 1358 (1948-49) and 1359 (1949-50) Fasli were abnormal and so the incomes of these years sall not be considered for this purpose.

2. The minimum number of trees which must be accepted by the tappers shall be fixed. This number shall be 25% less than the number of trees allotted in 1356 (1946-47) Fasli. This guarantee by the tappers is necessary, lest the Government should suffer in excise revenue, for want of sufficient number of trees being tapped. The maximum number of trees which may be tapped in any village or for any shop shall be that allotted in 1356 (1946-47) Fasli.

3. The Excise Department shall determine and allot trees for each village and the tappers shall submit applications for trees which they would like to tap. The Excise Superintendent shall sanction these applications keeping in view the total number of trees avilable for the purpose. The applicants will distribute the trees among themselves by mutual consent and in cases of disagreement over the distribution of trees the Excise Superintendent or some officer subordinate to him not below the rank of a Sub-Inspector will be authorised to distribute the trees.

4. The full price of the trees which are sought to be tapped by the tappers shall have to be paid in the Government Treasury by the applicants before the application is submitted, as is the practice at present. After the application is sanctioned, the tapping licence and the transport permit will be issued. The applicants will not be required to submit as at present solvency certificates or to make any cash deposits whith regard to the trees which they wish to tap. In exceptional circumstances, however, the Excise Commissioner is empowered to collect one half of the price of the trees in

advance or fix the instalments for the payment of Government dues on the production of acceptable and reliable security. Prior approval of the Minister for Excise will be essential to this course of action.

All those persons who obtain trees shall give a written agreement guaranteeing that the full minimum number of of trees and that even if they fail to tap the minimum number of trees, they will pay the Government dues for the minimum number.

5. Shops will be established in suitable places near the village basthies. Tappers will be permitted to sell sendhi in selected sites in the topes as well, but such sales shall be permissible from sunrise to an hour before sunset. Tappers will have the option to sell sendhi either at the shop or at the site, but not elsewhere.

6. Excise Inspectors shall set up a committee in each village in consultation with the tappers and with the approval of the Excise Superintendent. These committees shall have 3 members, one of whom shall be the President. The functions of the committees shall be :

(*i*) When a permit has been secured by any person for felling any toddy or sendhi trees, to decide on the actual trees which may be cut down and where the permit is for a useful tree, to decide which tree will be cut.

(*ii*) If a person secures a permit for cutting of leaves to earmark the trees whose leaves may be cut.

(*iii*) To see that un-numbered trees are not tapped.

(*iv*) To supervise tapping as prescribed in the Excise Rules.

(*v*) To assist the officers in Excise matters and to furnish information regarding excise offences to the concerned officers.

7. The new system shall not apply to the towns and cities as arrangements can be made only in those places where trees are available locally in large quantities and large quantities of sendhi are not required to be transported over long distances. For such places, the existing system will continue.

8. The existing orders will continue to be in force even after the new system is introduced except in so far as they operate against the basic principles of the new scheme."

شری کے - وینکٹ رام راؤ - میری ترمیم ایک لمبی چوڑی ترمیم ہے لیکن اس میں ....

Shri L. K. Shroff (Raichur) : Sir, Point of order. I doubt whether the proposed amendment of Shri K. Venkatrama Rao is in order. He wants that clause (*b*) of section 13 should be substituted by the amendment proposed by him. But the marginal heading given to this clause has not been changed by him. So, it is to be understood that the substance of the amendment proposed by him is the same as given in the Bill. However, if we look at the subject matter of the amendment, we find that so many things have been said there which are quite irrelevent to the subject matter of clause (*b*) of the Bill. The marginal heading reads thus : *Prohibition of keeping liquor, etc., in possession'*. But the amendment suggested by the hon. Member makes provision for so many other things, such as, how many trees should be allotted for each village, setting up of a Committee, and so on. All these things, I am afraid, are extraneous to the subject matter of the particular clause that is sought to be amended, I therefore, feel that his amendment is out of order.

شری کے - وینکٹ رام راؤ - مسٹر اسپیکر سر - شائد میرے دوست نے سکشن (۱۳) نہیں پڑھا - میری ترمیم ہرطرح سے آرڈر میں ہے - مارجینل نوٹ (Marginal note) کا آنریبل ممبر نے جو حوالہ دیا ہے ....

Prohibition of keeping liquor, etc., in possession,

دفعہ کو آپ ملاحظہ فرمائیں - اسمیں کہیں " لکر " (Liquor) کے الفاظ نہیں ہیں - مدراس کے قانون کو مکھی کو مکھی لکھنے کی وجہ سے شائد ایسے الفاظ آگئے ہوں اور ایسا سمجھنے کی گنجائش ہو - کیونکہ (بی) سیندھی سے متعلق ہے - اوریجنل سکشن (۱۳) کا سب کلاز (بی) یہ ہے -

(*b*) on sendhi by a tax on each tree from which sendhi is drawn to be paid in a lumpsum or such instalments and for such period as may be prescribed, or according to its quantity before it is imported, exported or transported.

mode of levying Abkari duty

اسکو واضح کرنے کے لئے سکشن (۱۳) کا اور ایک حصہ ہے ۔

گویا اکسائز ڈیوٹی کس طرح وصول کیجائیگی اسکے متعلق سکشن (۱۳) کے سوا کوئی اور دفعہ قانون میں نہیں ہے۔ اور " ایز مئے بی پرسکرائبڈ" (As may be prescribed) کی بجائے ہم خود اسکو پرسکرائب اسطریقہ سے کرنا چاہتے ہیں ۔ اسوجہ سے امنڈمنٹ آرڈر میں ہے ۔ یہ کسی طرح آبکاری ایکٹ سے ان کنسسٹنٹ (Inconsistent) نہیں ہے۔ میرے دوست نے اسکی ان کنسسٹنسی کے ریزنس (Reasons) نہیں بتائے ہیں۔ محض اون کا کہنا ہی کہنا ہے ۔ جو حق پرسکرائب کرنے کا حکومت لے رہی ہے وہ ہم لینگے ۔ اور اسکو پرسکرائب کرینگے ۔ اس لئے میں عرض کرونگا کہ میری جو امنڈمنٹ ہے وہ قابل پیش رفت ہے ۔

مسٹر ڈپٹی اسپیکر ۔ میں سمجھتا ہوں کہ امنڈمنٹ آرڈر میں ہے ۔ مارجنل نوٹ کی وجہ سے امنڈمنٹ میں فرق نہیں ہوتا ۔

شری کے ۔ وینکٹ رام راؤ ۔ کانسی کونشیل امنڈمنٹ کے طور پر اس مارجنل نوٹ کو بھی بدلنا پڑیگا کیونکہ خود مارجنل نوٹ غلط ہے ۔

Shri L. K. Shroff : The hon. Member has not proposed any amendment to the marginal heading.

Shri K. Venkatrama Rao : That will be at the stage of 3rd reading. That stage has not yet come.

تو میری جو امنڈمنٹ ہے وہ ایک بنیادی اصول کو سامنے لا رہی ہے ۔ گو میری امنڈمنٹ لمبی چوڑی ہے لیکن مجھے کہنا پڑتا ہے کہ گروجی کا سبق گروجی کو سنانا ہوگا ۔ آنریبل منسٹر ,, ٹری ٹو دی ٹیاپر" (Tree to the tapper) کے کیمپین کے سلسلہ گروجی ہوچکے تھے ۔ اور اب گروجی اپنا اپدیشن اور اپنا سبق بھول چکے ہیں ۔ اس لئے کبھی کبھی ضرورت پڑتی ہے کہ اس بھولے ہوئے سبق کو یاد کرایا جائے یا اسکو دھرایا جائے ۔ آبکاری ایکٹ میں خود محاصل وصول کرنیکا طریقہ معین نہیں ہے ۔ اسکے متعلق گشتیات ہیں ۔ اور یہ چیز صرف سررشتہ کے رحم و کرم پر منحصر ہے ۔ اسکے علاوہ تجربہ سے ہم یہ دیکھ رہے ہیں کہ نمبر اندازی کا جو طریقہ ہے وہ آوٹ آف ڈیٹ (Out of date) ہے ۔ وہ کسی طرح سے بھی حکومت کے مالیہ میں اضافہ کرنے کے لئے مدد کا باعث نہیں بن سکتا ۔ سررشتہ آبکاری کے سال حال کے فیگرس دیکھیں اور اسکا مقابلہ سال گزشتہ کی آمدنی سے کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ آبکاری کی رقم کافی گر گئی ہے ۔ میں عرض کرونگا کہ ضرور لوگوں کی قوت خرید گرتی جارہی ہے اور آبکاری کے خراجات کی رقومات ایک مقولہ کے بموجب پاپ کی طرح بڑھ رہی ہیں ۔ اور نتیجہ کے طور پر اسکا بار کنسومر

(Consumer) پر پڑھ رہا ھے - یہاں تک کہ بعض مقامات پر کسٹمرس (Customers)
کے اسٹرائک کرنے کی نوبت آگئی ھے - وہ کہہ رھے ھیں کہ اس حد تک قیمت گھٹائینگے
تو ھم استعمال کرینگے - چنانچہ نلگنڈہ وغیرہ بعض مقامات پر ایسی صورتیں پیش آئی
ھیں - سیندھی فروخت کرنے والوں اور کلالوں کو نقصان ھورھا ھے - آخر کہاں تک
ھراجات کی رقم بڑھتی ھی رھیگی؟ ایک زمانہ تھا جبکہ آبکاری کی رقم ھزاروں یا لاکھوں تک
محدود تھی - اب یہ رقم کوئی نو کروڑ تک پہنچ گئی ھے - مالگزاری کی جو ٹوٹل آمدنی ھے
اوس سے بھی یہ آبکاری کی رقم بڑھ گئی ھے - آخر اس میں کس حد تک اضافہ ھوتا رھیگا؟
وہ جو کہتے ھیں کہ (Law of diminishing Returns) وہ پرنسپل یہاں
اپلائی ھوتا جارھا ھے - اسکی جیتی جاگتی مثال گزشتہ سال اور پیوستہ سال کی رقومات
دیکھنے سے ملتی ھے - اور ایک چیز یہ بھی ھے کہ ھراجات کے سلسلہ میں جو آمدنی ھونی
چاھئے وہ گھٹ رھی ھے - اسکی وجہ سے اس میں کرائسس پیدا ھورھا ھے اور حکومت کے
مالیہ پر بھی بار پڑرھا ھے - اس کو بچانے کے لئے یہاں ایک طریقہ معین کیا گیا ھے - یہ
طریقہ کوئی نیا طریقہ نہیں ھے - بلکہ اس طریقہ کے بانی مبانی خود منسٹر صاحب ھیں - نمبر
اندازی کے سلسلہ میں محکمہ آبکاری میں جو کرپشن ھے وہ دنیا بھر میں مشہور ھے - اگر
نمبر اندازی کا سسٹم نکال دیا جائے تو کرپشن کی بنیاد جڑ سے نکل جائیگی - نمبر اندازی
کی وجہ سے اصلی فائدہ نہ کلال کو پہنچتا ھے اور نہ سرکار کو یہ رقم وصول ھورھی ھے - سرکار
کو اس وقت آبکاری سے تقریباً ۹ کروڑ کی آمدنی ھورھی ھے - اس کا ایک تہائی حصہ معمولات
کے طور پر کلالوں کی جیب سے خالی ھورھا ھے - لیکن یہ حصہ حکومت کو نہیں پہنچ رھا
ھے - گویا نہ کلالوں کو فائدہ پہنچ رھا ھے اور نہ حکومت کو - اور اس کی بجائے بیچ والوں
کی جیب میں یہ پیسہ جارھا ھے - اسکو روکنے کا طریقہ یہی ھے کہ نمبر اندازی کے سسٹم
کو ختم کیا جائے - اور اس میں سرکار کا مالی نقصان ھونے کی بھی کوئی بات نہیں ھے -
موجودہ جو آمدنی ھے اس کو قائم رکھتے ھوئے لیسنس فی (Licence fee) اور ٹری
ٹیکس (Tree tax) کے ایوریج (Average) پر یعنی ایوریج ٹری ٹیکس انکلوڈنگ
لیسنس فی (Average tree tax including licence fee) پر رقم کا تعین کیا
جانا چاھئے - اور گاؤں کے درختوں کا بھی تعین کیا جانا چاھئے - ھر ضلع اور تعلقے کے
لوگوں کی جانب سے درخواستیں آنے کے بعد اون کو وہ الاٹ (Allot) کئے جانے
چاھئیں - اس لحاظ سے ھر گاؤں میں درخت کا جو ڈسٹریبیوشن ھوتا ھے وہ اون کے حوالہ کیا
جائے - اسکے بعد یہاں یہ بھی رکھا گیا ھے کہ وہ آمدنی ھوتی ھے یا نہیں - اسکے لئے
کم از کم ایک مقدار ھر گاؤں کے لئے درختوں کی معین کیگئی ھے کہ اتنے درخت لئے جائینگے -

اسکے بعد ٹیاپنگ (Tapping) کے سلسلہ میں جو رولس ھیں وہ رہ جاتے
ھیں - ایک اھم چیز یہ ھے کہ ھمارے پاس جو نمبر اندازی کا طریقہ ھے وہ ختم ھوجائے
تو اس پیشہ سے جن لوگوں کا تعلق ھے ان میں ایک قسم کی سرٹینٹی (Certainty)
آجاتی ھے اور مڈل من (Middlemen) بھی الیمنٹ (Eliminate) ھوجاتے ھیں -

آج ہماری آبکاری کی آمدنی گھٹتی جارہی ہے ۔ اس سے ہمیں سبق سیکھنا چاہئے اور آبکاری کے محکمہ کو بدلتے ہوئے حالات کے لحاظ سے آرگنائز (Organise) کرنا چاہئے ۔ اس پر غور نہیں کیا جارہا ہے بلکہ وہی پرانے ڈگر پر پرانے ڈھنگ سے اسکو چلانے کی کوشش کیجارہی ہے ۔ زمانہ ایسا آگیا ہے کہ حکومت کا مالیہ اس سے متاثر ہورہا ہے ۔ جیسا کہ خود منسٹر صاحب نے کہا حالات بدل گئے ہیں اور لوگوں کی نیت میں فرق آرہا ہے ۔ اسلئے میری گزارش ہے کہ اس ترمیم کو قبول کرتے ہوئے نمبر اندازی کے جھنجھٹوں کو ختم کیا جائے اور ایک پرمننٹ طریقہ جو اس ترمیم میں چاہا گیا ہے اختیار کیا جائے ۔ ورنہ اس سے حکومت کے مالیہ کو نقصان پہنچیگا ۔ یہ ایک بنیادی امنڈمنٹ ہے جس پر میرے دیگر آنریبل دوست کافی روشنی ڈالینگے اور خود منسٹر صاحب کو معاملات آبکاری کا تجربہ ہے اور اب بھی وہ اسکے منسٹر ہونے کے باعث مزید تجربہ حاصل کررہے ہیں ۔ اسلئے میں یہ معاملہ انکے غور مکرر کیلئے پیش کرتا ہوں ۔ اگر اس پر عمل نہ کیا جائے تو یہ کہنا پڑیگا کہ جو کہتے ہیں وہ کرتے نہیں ۔ گروجی کا سبق گروجی کو یاد دلاتا ہوں ۔ اتنا کہتے ہوئے میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

شری ایم ۔ بچیا ۔ مسٹر اسپیکر سر ۔ جو ترمیم آنریبل ممبر شری وینکٹ رام راؤ نے پیش کی ہے میں اسکی تائید کرتا ہوں اور مجھے امید ہے کہ ہمارے اکسائز منسٹر صاحب بھی اس سے متفق ہونگے کیونکہ انہوں نے بھی اپنی طرف سے نئی اسکیم کو عمل میں لانے کیلئے اس ہاؤس میں اور ہاؤس کے باہر بھی عوام کو یہ امید دلائی ہے کہ یہ اسکیم تراشنے والوں کیلئے بہت مفید ہوگی ۔ دوسری چیز یہ ہے کہ موجودہ حالات میں آج ہم دیکھتے ہیں کہ بلا نمبر اندازی درختوں کی تعداد دن بدن بڑھتی جارہی ہے ۔ اگر نئی اسکیم کو عمل میں لایا جائے تو بلا نمبر اندازی درختوں کی تراش کو بڑی حد تک روکا جاسکتا ہے ۔ دفعہ ۷ اور ۴۳ میں جو امنڈمنٹ آنریبل منسٹر آبکاری کی طرف سے لایا گیا ہے اس سے صاف ظاہر ہے کہ وہ کنٹراکٹرس جو معاملہ حاصل کرتے ہیں کسی صورت میں رقم نہ دینگے تاوقتیکہ تراشنے والے معاملہ نہ چلائیں ۔ منسٹر صاحب نے پرسوں فرمایا ہے کہ (తాగే వాడే తాడి వన్ను చెల్లిస్తాడు.) اگر یہ حالت ہے تو کنٹراکٹر کو معاملہ دیکر انکے ضمنی مستاجروں کو بندوبات کرنے کی بجائے راست تراشنے والے کو معاملہ کیوں نہیں دیا جاتا تاکہ کنٹراکٹر صاحب اور ملازمین سرکار ملکر خزانہ سرکاری کی رقم کو لوٹنے کی جو کوشش کرتے ہیں اسکا خاتمہ ہو ۔ اسلئے میں امید کرتا ہوں کہ منسٹر صاحب آبکاری اس ترمیم کو ضرور منظور کرینگے کیونکہ وہ انکا ہی سلوگن (Slo-gan) ہے ۔

شری عبدالرحمن ۔ مسٹر اسپیکر سر ۔ میرے دوست شری وینکٹ رام راؤ صاحب نے بڑی محنت اور بڑی کاوشوں کے ساتھ یہ ترمیم ترتیب دی ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ معزز منسٹر صاحب کے خیالات کی ترجمانی ہے ۔ میں ایک زمانے سے سنتا تھا کہ ہمارے

معزز منسٹر صاحب کے ایسے خیالات ھیں - بالخصوص پولیس ایکشن سے پہلے اس قسم کے نعرے اور تقاریر باھر کے اخباروں کے ذریعه هم تک پہنچے ھیں - ھمارے لیڈروں کی وہ تقاریر ھمارے کانوں میں گونج رھی ھیں - لیکن ھماری بدبختی ھے کہ جب اپنی حکومت قائم ھوئی تو وہ نعرے نعرے ھوکر رھگئے - عمل کچھ نہوا - توقع ھے کہ رفتہ رفتہ حالات پر قابو پالیا جائیگا اور ان نعروں کی عملی تکمیل کی طرف توجہ دیجائیگی - لیکن اب جیسا کہ اس ترمیم میں خواھش کیگئی ھے وقت واحد میں پورے اسٹیٹ میں یہ اسکیم نافذ کرنے کی ذمہ داری نہیں لیتے توکم ازکم کچھ تعلقوں یا مواضعات ھی میں سہی اس اسکیم پر عمل پیرائی کیجائے - یہ کوئی نئی بات نہیں ھے- ان ھی کے خیالات کی ترجمانی کیگئی ھے - یہ ممکن ھے کہ معزز منسٹر اس سے اختلاف نہ کریں - لیکن پورے اسٹیٹ میں یکلخت اس اسکیم کو نافذ کرنے کی بجائے چند مقامات پر اسکو نافذ کریں تو اسکے نتائج و عواقب منسٹر صاحب کے سامنے بھی آئینگے اور پبلک کو بھی اسکا تجربہ ھوجائیگا - اگرچیکہ یہ اسکیم اس قابل ھے کہ وقت واحد میں پورے اسٹیٹ میں نافذ کی جائے لیکن پھر اگر وہ اپنا تحفظ چاھتے ھیں توکم ازکم ایک تعلقہ میں اسکو نافذ کیا جائے -

*شری گوپال راؤ (پاکھال) - مسٹر اسپیکر سر - جو ترمیم ھاؤس کے سامنے آئی ھے وہ کوئی نئی چیز نہیں ھے- اسکو تو اس جانب سے آنا چاھئے تھا یا خود آنریبل منسٹر صاحب کو لانا چاھئے تھا - جیسی اسکیم تھی ویسی ھی کی گئی ھے- اسمیں کاما (Comma) یا فلسٹاپ (Fullstop) بھی نہیں بدلا گیا ھے - اس ڈرسے کہ شائد منسٹر صاحب اس کو قبول نہ فرمائیں کیونکہ وہ خود منسٹر صاحب کے ھاتھ کی لکھی ھوگی یا انکے سبارڈینیٹس (Subordinates) لکھے ھونگے - بہرحال اسمیں کوئی نئی ترمیم نہیں ھے - اس سے پہلے بھی جنرل ڈسکشن کے سلسلہ میں میں نے عرض کیا تھا کہ ٹری ٹو دی ٹیاپر کا جو نعرہ بلند کیا گیا تھا اسکو عمل میں لایا جائے - اسمیں کوئی خرابی تونہیں ھے کہ اس پر عمل نہ ھو - پرسوں آنریبل منسٹر صاحب فرمارھے تھے کہ لوگ بدنیت ھوگئے اور بے ایمان ھوگئے ھیں- کیا ھوگئے ھیں اور کدھر ھوگئے ھیں ان تمام باتوں کو دور کرنے کیلئے اس اسکیم کو نافذ کیا جاسکتا ھے - اگر اسمیں کوئی نقص موجود ھوتو اس کو دور کرنے کیلئے گورنمنٹ موجود ھے- ھاؤس میں اسٹدمنٹ پیش کیا جاسکتا ھے - اور وہ خرابی دور کیجاسکتی ھے - دفعہ ۲ میں یہ بتلایا گیا ھے کہ پورے اسٹیٹ میں سٹیز اینڈ ٹاؤنس (Cities and towns) کو مستثنیٰ کر کے جہاں ممکن ھو وھاں اسکو عمل میں لایا جاسکتا ھے - آنریبل منسٹر صاحب مدراس سسٹم پر جو اسکیم نافذ کررھے ھیں اسکو اس سے کسی قسم کا دھکہ پہنچنے والا بھی نہیں ھے اور نہ ٹری ٹو دی ٹیاپر کے سلسلہ میں کوئی رکاوٹ ھوسکتی ھے - اسلئے اسپر عمل کیا جاسکتا ھے - اگر اس اسکیم سے کسی قسم کی خرابی پیدا ھوتو ھاؤس سال میں دو مرتبہ کسی طرح بیٹھتا ھی ھے ترمیم لا کر اسکو ایک ھی " ورڈ " میں ختم کیا جاسکتا ھے- اسلئے میں آنریبل منسٹر صاحب سے یہ گزارش کرونگا کہ وہ اسکو مان لیں -

میرے دوست کے امنڈمنٹ پر میرا یہ چھوٹا سا امنڈمنٹ ہے کہ (Previous approval of the Govt.) کی بجائے (Previous approval of the Minister سبٹیٹوٹ کیا جائے - یہ ممکن ہے - اسلئے میں ہاؤس کے آنریبل ممبرس سے اور منسٹر صاحب سے یہ گزارش کرتا ہوں کہ بلا کسی بحث اور ہاؤس کا وقت خراب کئے اس ترمیم کو قبول کرلیا جائے- آنریبل منسٹر کے اخباری بیانات اور پریس نوٹ وغیرہ سے اسکی کافی وضاحت ہوچکی ہے اور خود آنریبل منسٹر مجھ سے زیادہ اس بارے میں کہہ سکتے ہیں- اس لئے اسکو قبول کیا جائے -

* شری جگناتھ راؤ چنڈرکی (یادگیر- عام) - مسٹر اسپیکر سر - اس خواهش کے تحت کہ اسکیم کو عمل میں لایا جائے جو امنڈمنٹ دیا گیا ہے اسکو دیکھتا ہوں تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آنریبل منسٹر کے ان خیالات کو جو انہوں نے بعض مقامات کا دورہ کرکے اسکیم کے متعلق ظاہر فرمائے تھے ان سب کو آنریبل ممبر نے جہاں تک ممکن ہوسکے اپنے امنڈمنٹ میں لانے کی کوشش کی ہے - جب ہم ایک دفعہ وضع کرتے ہیں تو اسکی ایک خاص ٹیکنیل لنگویج (Technical language) ہوتی ہے اور کچھ خاص اغراض کیلئے یہ دفعہ مدون کیا جاتا ہے - اس دفعہ کو پڑھنے سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ بہت سی چیزیں اس دفعہ سے متعلق نہیں بتلائی گئی ہیں جنہیں نہ ترمیم کہا جاسکتا ہے نہ رُولس اور نہ کوئی قاعدہ - البتہ منشاء ہوسکتا ہے - لیکن منشاء کبھی اسطرح نہیں آسکتا - میں اسکو پڑھتا ہوں -

"The minimum number of trees which must be accepted by the tappers shall be fixed. This number shall be 25% less than the number of trees allotted in 1356 (1946-47) Fasli."

اسکے ساتھ ساتھ........

"This guarantee by the tappers is necessary, lest the Government should suffer in excise revenue, for want of sufficient number of trees being tapped."

جہاں ہم ایک دفعہ وضع کررہے ہیں اس دفعہ کے تحت ایسی چیزیں جو ترمیم کے ساتھ ایڈ (Add) کرنا ہو اسکی ضرورت نہیں ہوتی - اس دفعہ کے لحاظ سے اسکی ضرورت نہیں ہے - یہ منشاء ہوسکتا ہے کہ گورنمنٹ کو نقصان ہوتا ہے - مگر منشاء قانون نہیں نہیں لاسکتے - کلاز (ہ) میں محصول حاصل کرنے کا جو طریقہ بیان کیا گیا ہے اور جس کی ترمیم کی جارہی ہے اسکے تحت نمبر (ہ) یہ ہیکہ

Shops will be established in suitable places near the village basthies.

شاپس کے سلسلے میں سیندھی پر کیسے ٹیکس عائد کیا جائیگا - اس طریقہ کے متعلق چونکہ یہ دفعہ ہے اسکے سمبندھ میں یہ ترمیم آئی ہے - اس سلسلہ میں یہ نمبر کلاز (ہ) [illegible]

کیا گیا ھے سیندھی کی دوکانات ایسی جگہ پر ھونی چاھئیں جو ولیج کے قریب ھو یا دور ھو اس قسم کے امنڈمنٹس اس میں پیدا نہیں ھوسکتے - جیسا کہ میں نے ابتداً میں کہا تھا- معاملہ حاصل کرنے کے سلسلے میں جو نقائص ھیں اس سلسلے میں آنریبل منسٹر آبکاری نے جو تقریر کی ھے یا جن نقائص کا اظہار کیا ھے انکو ایک امنڈمنٹ کی شکل میں یہاں لانے کی کوشش کیجارھی ھے - ھم واضعان قانون کو مشکل ھوجائیگی کہ کس حد تک جوترمیم اس دفعہ کے تحت لینا چاھتے ھیں وہ موزوں ھوسکتی ھے - چنانچہ تمثیل کے طور پر ان دو چیزوں کو یہاں ظاھر کیا -

دوسری چیز آنریبل ممبر جو اس امنڈمنٹ کے موور ھیں ان سے اپیل کرنا ھے کہ ھم اس دفعہ کو بہت لمبا چوڑا کررھے ھیں میں نہیں سمجھتا اور اس کے تحت امنڈمنٹ میں یہ چیز بیان کیگئی ھے کہ جو چیزیں رولس میں آسکتی ھیں ان کی صراحت ھوسکتی ھے - کس طریقہ سے کیجائے کس طریقہ سے نہ کیجائے کتنے جھاڑ نہیں دئے جائینگے، اس کی صراحت رولس میں ھوسکتی ھے - اسکے لئے کافی گنجائش ھے

"as may be prescribed by the Government."

س قسم کا جو جملہ اس بل میں جو منسٹر صاحب لائے ھیں موجود ھے اسمیں خود اسکی گنجائش ھے - اسکے علاوہ ایک چیز میں اسمیں ظاھر کردینا چاھتا ھوں کہ یہاں آنریبل منسٹر کی جانب سے جوبل آیا ھے وہ اس کا جو منشاً ھے اور جو "ٹری ٹو دی ٹیاپر" کا منشاً ھے اسکے ساتھ موجودہ سسٹم کو بھی انہوں نے برقرار رکھا ھے- موجودہ سسٹم کو انہوں نے نکال کر اس کا امنڈمنٹ یہ چاھتے ھیں کہ موجودہ سسٹم پورے طور پر نکالدیا جائے اور اس ایک اسکیم میں لیا جائے - موجودہ سسٹم میں اسکے اسپیسفک الفاظ پڑھتا ھوں-

"On sendhi by a tax on each tree from which sendhi is drawn to be paid in lumpsum or in such instalments and for such period or according to its quantity before it is imported, exported or transported"

ایسی چیزیں ھیں - اس لحاظ سے صرف " ٹری ٹودی ٹیاپر " کی اسکیم میں کیا نقائص ھیں اسکو کس طریقہ سے حل کیا جانا چاھئے اس میں کیا کیا ترمیات ھوسکتی ھیں اسکے منشاً کو اچھے طور پر حاصل کرنے کیلئے اسکے منشاً کو زیادہ سے زیادہ رعایا اور وہ ٹیاپرس کے حق میں سہولتیں بہم پہنچانے کے لئے کس قسم کے رولس ھونے چاھئیں اس کے رولس بنانے کیلئے حکومت اپنے پاس پاور لی ھے - وہ رولس تیار ھوجائینگے - اگر آنریبل منسٹر کی یہ خواھش ھو اور وہ اسکو مصلحت عامہ کے خلاف نہ سمجھتے ھوں تو وہ رولس ھاؤس کے سامنے آسکتے ھیں- ممبرس ان پر کرٹسزم کرسکتے ھیں - دفعہ (۱۳) ضمن (ب) میں یہ ھے کہ " سیندھی پر درختوں کی مقدار کے لحاظ سے درآمد برآمد یا نقل

و ارسال سے پہلے ،، ٹری پر ٹیکزیشن ہوگا ۔ ادھر کے آنریبل ممبر یا منسٹر کوئی بھی یہ نہیں چاہتے کہ کوئی نقصان ہو ۔ جیسا کہ یہ ظاہر کیا گیا ہے سنہ ۱۳۵۵ ف، ۱۳۵۶ ف، ۱۳۵۷ ف میں رقم آئی اسکے لحاظ سے اسکو پیش نظر رکھتے ہوئے ہم ٹیکس عائد کرنا چاہتے ہیں ۔ ضرور اس امر کی کوشش ہوگی اور ہمیں بھی اسکا احساس ہے کہ حکومت کے بجٹ کا جو نصف حصہ آبکاری کی آمدنی سے ہے کوئی یہ نہیں چاہتا کہ اس آمدنی میں کوئی کمی ہو ۔ اور حکومت کو کاروبار چلانے میں رخنہ پڑے ۔ جہاں تک میرا خیال ہے اور جس طریقہ سے میں سمجھا ہوں آنریبل منسٹر اس چیز سے بخوبی واقف ہیں اور اس ذمہ داری سے بخوبی واقف ہیں کہ حکومت کی آمدنی میں کسی قسم کی کمی نہونی چاہئے زیادہ تر ٹیاپرس کو بھی سہولت دیجائے ۔ حکومت پیچیدہ طریقہ کو نکالکر راست طور پر حاصل کرنے کا جو طریقہ لایا ہے وہ تجربہ کے طور پر ہے ۔

لہذا میں یہ کہونگا کہ اسکے تحت رولس بنینگے ۔ دوسری چیزیں ۔ موور آف دی امنڈمنٹ نے اپنے منشاء کو ظاہر کرنے کیلئے کہی ہیں ۔ وہ کلاسس میں آسکتی ہیں ۔ میں کہونگا کہ آنریبل موور آف دی امنڈمنٹ اپنے امنڈمنٹ پرپوس نہ کریں ۔ جو سجیشنس آئینگے ان پر ضرور غور کیا جائیگا ۔

شری کے ۔ وی ۔ رنگا ریڈی ۔ اسپیکر سر ۔ میں موجودہ قانون کا دفعہ ۱۳ ۔ پڑھتا ہوں ۔ اس میں یہ ہے کہ ،، سیندھی پر درختوں کے لحاظ سے درآمد برآمد یا نقل و ارسال سے پہلے ،، سیندھی کے درختوں کے جو معنی لئے جاتے ہیں وہ ظاہر ہے ۔ میں اس سلسلے میں ترمیمات کی نسبت بھی مباحث غور سے سن رہا تھا ۔ آپ کی شکایت ہی کو ہلکا کرنے کے لئے یہ ترمیم قانون میں لائی گئی ہے ضمن (ب) ایسا ہے کہ

،، (ب) سیندھی پر ہر ایسے درخت کے لحاظ سے جس سے سیندھی نکالی جائے یکمشت یا ایسی قسطوں میں اور ایسی مدت کی بابت جو مقررہ ہو یا اسکی مقدار کے لحاظ سے اسکے درآمد کرنے یا برآمد کرنے یا نقل و ارسال سے پہلے ،،

یکمشت لیا جائے یا اقساط میں لیا جائے اس کا اس میں اختیار دیا گیا ہے ۔ میں اس سلسلے میں آنریبل ممبرس کے مباحث سن رہا تھا ۔ معاملہ کرنے والوں کو یہ شکایت رہتی ہے کہ ہم کو رقم پہلے داخل کرنی پڑتی ہے ۔ آپ ماہوار لیجئے یا سہ ماہی قسط لیجئے یا نصف پہلے اور نصف ختم معاملہ پر یا چھ مہینے کے بعد لیجئے ۔ تراشنے والوں کو سہولت دینے کے لئے اور خصوصاً ٹری ٹو دی ٹیاپر (Tree to the tapper) کی اسکیم کے پیش نظر تراشنے والوں کو سہولت دینے کے لئے یہ دفعہ رکھا گیا ہے ۔ آپ ترمیم میں اس قسم کی چیز لائے ہیں کہ درختوں پر رقم مقرر کردیجائے ۔ اس وقت فی درخت سیندھی ساڑھے سات روپیے اور فی درخت تاڑ نو روپیے ہے ۔ لیکن ٹری ٹو دی ٹیاپر کے الفاظ سے ایک درخت کے ۵۰ ۔ ۶۰ بلکہ ۱۰۰ روپیے ہوجاتے ہیں ۔ اب بیٹھک کی رقم علحدہ لیتے ہیں ۔ وروہ رقم ماہانہ لیتے ہیں ۔ درختوں کی رقم یکمشت لیتے ہیں ۔ لیکن وہ حقیقت ہوتی ہے

باوجودیکه ٹری ٹو دی ٹیاپر اسکیم میں موجودہ رقم سے ہم کم رقم پر دیتے ہیں تب بھی فی درخت کی قیمت ۵۰ سے ۱۰۰ روپیہ تک ہوجاتی ہے ۔ اب ساڑھے سات روپیے فی درخت دینے میں دقت محسوس کیجاتی ہے تو ۵۰ تا ۱۰۰ روپیے دینے میں اور بھی دقت ہوسکتی ہے ۔ اوراس دقت کو رفع کرنے کیلئے ہم نے یہ ترمیم پیش کی ہے ۔ اسکی وجہ سے جو پیسے والے ہیں اور یکمشت دے سکتے ہیں ان سے یکمشت لیا جائے ۔ اگر کوئی غریب ہیں تو انکے ساتھ رعایت کر کے اقساط مقرر کر کے رقم وصول کی جاسکتی ہے ۔ یہ اختیار عہدہ دار کو رہتا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس میں کسی ترمیم کی ضرورت نہیں ہے ۔ امنڈمنٹ پیش کرنے والے صاحب سے امید ہے کہ وہ اپنی ترمیم سے دستبردار ہوجائینگے ۔

میں نے جب اس ترمیم کو دیکھا تو مجھے تعجب ہوا ۔ جیسا کہ ایک آنریبل ممبر نے اس پر بہت تفصیل سے روشنی ڈالی ہے ۔ آبکاری کے انتظامات کے سلسلے میں جو ضوابط و قوانین پہلے سے نافذ ہیں اور جو تجربات ہوئے ہیں انکے پیش نظر میں نے یہ دفعہ رکھا ہے ۔ اب جو ترمیم لائی گئی ہے وہ ۵ قسم کے قوانین کا مجموعہ ہے ۔ یہ اتنا طویل ضابطہ پیش کیا گیا ہے کہ یہ قانون سازی کے اصول کے خلاف ہے ۔ یہ چیزیں قواعد میں آسکتی ہیں ۔ اس قانون میں نہیں آسکتیں ۔ دوسری چیز یہ کہ ہم نے " ٹری ٹو دی ٹیاپر " کی اسکیم کو بھی نافذ العمل رکھا ہے ۔ اسکو معطل نہیں کیا ہے ۔ دونوں اپنی اپنی جگہ پر ہیں ۔ جہاں اس اسکیم سے معاملہ کا انتظام ہورہا ہے وہاں یہ احکام نافذ رہینگے اور جہاں اس اسکیم سے معاملہ کا انتظام نہیں ہورہا ہے اور موجودہ سسٹم کے تحت انتظام ہورہا ہے تو موجودہ قانون متعلق ہوگا اسلئے جب تک دو قسم کے انتظامات ختم ہوکر ایک قسم کا انتظام قائم نہ ہوجائے اوس وقت تک قانون اور قواعد دونوں نافذ رہینگے ۔ اگر اس میں سے کسی کو معطل کردیں تو دونوں سسٹم چلانا مشکل ہوجائیگا ۔ اسلئے میں کہونگا کہ ٹری ٹو دی ٹیاپر کے قواعد کو اسمیں شریک کرنے سے فائدہ نہیں ہوگا ۔ یہ کہا گیا ہے کہ تعہد کے زمانے میں جیسا عمل ہوتا تھا ویسا ھی رکھا جائے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر ایسا کیا جائے تو پچاس سال پیچھے ہم چلے جائینگے ۔ ایک طرف تو آپ کہتے ہیں کہ نیا سسٹم نافذ کرو اور دوسری طرف ترمیات لاتے ہیں تو ایک فرسودہ سسٹم کو نافذ کرنے کیلئے لاتے ہیں ۔ اگر موجودہ مسودہ قانون اور گزشتہ قانون اورترمیم کا مقابلہ کر کے آپ دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ آپ جو ترمیم لارہے ہیں وہ زمانہ حال کے لحاظ سے موزوں و مناسب نہیں ہے بلکہ ایک فرسودہ ترمیم ہے ۔ ترمیات میں ایسی چیزیں ھیں جو اس وقت ناقابل عمل ہیں ۔ سنہ ۱۹۴۶ع اور ایسے ھی زمانے کے دو چار سنین کا حوالہ دیکر کہا گیا ہے کہ اون سنین میں جو درخت تراشے گئے ہیں آئندہ کیلئے بھی اوسی تعداد کو معین کر کے اتنی ھی مقدار میں دیا جائے ۔ میں کہونگا کہ درخت مر بھی جاتے ہیں اور پیدا بھی ہوتے ہیں اگر وہاں کے درخت مر گئے ہیں تو ہم درخت کہاں سے لائینگے ؟ سنہ ۴۶ تا ۴۹ع کے فیگرس کے لحاظ سے کیسے دئے جاسکتے ہیں ؟

شری کے - وینکٹ رام راؤ - یہ سال تو آپکا دیا ہوا ہے -

